سلسلۂ دار التصنیف صوفیہ (۲۲۳)

۸

(جملہ حقوق بحق مترجم محفوظ ہیں)

نام کتاب	اورادِ قادریہ حصہ اوّل و دوّم
مصنف	حضرت سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ
مترجم	مولانا قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری
ناشر	موسیٰ ابو خالد صدیقی
کتابت	سید ذاکر علی ہاشمی قادری
پروف ریڈنگ	سید شاہ مصطفیٰ علی صوفی قادری (فرزند مترجم)
طباعت	اسپیڈ پرنٹس سعید آباد، حیدرآباد، فون نمبر 873538.
سن اشاعت	فروری ۱۹۹۴ء رمضان المبارک ۱۴۱۴ھ
تعداد	(۱۰۰۰) ایک ہزار
ہدیہ	50/- پچاس روپئے (غیر تجارتی بنیاد پر)

کتاب ملنے کے پتے

۱۔ موسیٰ ابو خالد صدیقی 9-15-19/1 مالا پلی نظام آباد۔ 503001، فون 24774

۲۔ سید الصوفیہ اکیڈمی، تصوف منزل 21-1-247 نزد ہائیکورٹ حیدرآباد ۲

۳۔ محمد انور علی 22-1-875/A نور خاں بازار حیدرآباد ۔ ۲۴

۴۔ اہلیہ سید احمد محی الدین مرحوم 16-7-431/A عثمان پورہ حیدرآباد، فون 528947.

برائے ایصالِ ثواب

الحاج سید احمد محی الدین فہیم مرحوم

تاریخ وفات :۔ ۲۰ نومبر ۱۹۹۲ء بروز شنبہ

هو المحی

اورادِ قادریہ

رُوزمرّہ وظائف

حضرت غوث الثقلین سیّدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ

حصّہ اول و دُوّم

مع اُردو ترجمہ

اَز

مولانا الحاج قاضی سیّد شاہ اعظم علی صُوفی قادری

(صدر سید الصوفیہ اکیڈمی تصوّف منزل نزد ہائی کورٹ حیدرآباد)

ناشِر

مُوسیٰ ابُوخالد صدِیقی

موسیٰ ابوخالد صدیقی
9-15-19/1 مالاپلی نظام آباد 503001
اے، پی، فون 24774

یہ سب تمہارا کرم ہے آقا
کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے

اللہ کا بڑا فضل و کرم احسانِ عظیم اور بے انتہا شکر ہے کہ اشاعتِ درود و سلام کا سلسلہ بہت سارے مشکلات کے باوجود ۱۹۸۸ء سے مسلسل جاری ہے اوائل الخیرات مصنّف محمد عبدالغفور خاں تابی رحمۃ اللہ علیہ کے بعد بشائر الخیرات مصنف قطب الاقطاب شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اور پھر اس کے بعد یہ کتاب "اورادِ قادریہ" آپ کی خدمت میں حاضر ہے اور انشاءاللہ آئندہ بھی یہ سلسلہ جاری رہیگا۔

یہ کتاب برائے ایصال ثواب سیّد احمد محی الدّین فہیم مرحوم کیلئے طبع کی جارہی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس قدر اچھی اور بے بہا کتاب کی اشاعت کیلئے ایک نیک روح کے نیک اعمال کو قبول فرماکر اپنا رحم و کرم فرمایا ہے۔ مرحوم سید احمد محی الدین صاحب میرے بہت ہی عزیز دوست تھے سعودی عرب کی تیرہ سالہ زندگی میں مجھے اُن سے بہت ساری باتیں سیکھنے کا موقع ملا، صبر، قناعت، توکّل اور علم کے خزانے کی ایسی مثال کہ مجھے ان کے انتقال کے بعد احساس ہوا کہ مرنا تو ہم تمام سبھی کو ہے مگر مخلص بے لوث اور ایماندار ساتھی کی موت کتنا عظیم نقصان ہے۔ مرحوم کی خاص بات یہ تھی کہ جو شخص بھی اُن سے ملتا متاثر ہوتا تھا اپنے افراد خاندان کی مدد کرنا اور خاموشی سے مالی اعانت کرنا ان کی عادت تھی سادہ مزاج تھے۔ تاریخ اسلام سے اُن کو والہانہ لگاؤ تھا عاشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور پیران پیر شیخ

عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے معتقد تھے۔ یہ تمام اثاثہ اُن کو اپنے عظیم رہبر اور پیر و مرشد ساکن مدینہ المنوّرہ میر غلام محی الدین حسینؒ صاحب مرحوم سے ملا تھا جنکی نگاہِ کرم نے مجھ جیسے گنہگار کا رُخ اشاعتِ درود و سلام کی طرف موڑ دیا نومبر ۱۹۲۳ء میں روشن ہونے والا یہ چراغ ۲۰ نومبر ۱۹۹۲ء بروز شنبہ اپنے مالک حقیقی سے مِلا اللہ سے دُعاء ہے کہ اللہ مرحوم کو جنت الفردوس عطا فرمائے۔ اور ہم تمام مسلمانوں کو موت سے قبل زندگی کی حقیقت کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

اوراد قادریہ کے نسخہ کی فوٹو کاپی محترم قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری صاحب بغداد سے واپسی سفر پر اپنے ساتھ لائے تھے یہ تاریخی کتاب قطب الاقطاب شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے۔ اور اس میں نایاب صیغے حضور مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں لکھے گئے ہیں۔ کتاب کا ترجمہ محترم صوفی صاحب نے بہت ہی محنت اور لگن کے ساتھ کیا ہے اور ہم تمام کا یہ جذبہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ مسلمان اس کتاب کو پڑھ کر اس کے فیوض و برکات سے مستفید ہوں۔

اس کتاب کو طبع کروانے کے اخراجات جناب سید محمد انور محی الدین صاحب ساکن امریکہ فرزند جناب سید احمد محی الدین صاحب مرحوم نے ادا کئے ہیں کتاب کا ھدیہ/50 روپے ہے اور ہم تمام کا ارادہ اس کتاب سے مالی منفعت کا نہیں ہے اس ہدیہ سے جو بھی رقم آئے گی انشاءاللہ آئندہ اشاعت درود و سلام میں استعمال ہوگی۔ تاکہ زیادہ سے زیادہ درود شریف کی اشاعت عمل میں آسکے اور ہم زیادہ سے زیادہ ایسی نعمتوں سے استفادہ کرسکیں۔ اور خاص طور پر ہم آج کل ایسے ماحول میں زندگی بسر کر رہے ہیں کہ مغربی طرز زندگی کا دور دورہ ہے۔ اُردو اور عربی زبان سے آنے والی نسل دور ہوتے جارہی ہے۔ ایسے ماحول میں درود و سلام کا سلسلہ جاری رکھنا صرف وقت کی اہم ضرورت ہے بلکہ تاریخ اسلام کی حفاظت اور اسکی خدمت بھی ہے۔

میرا ارادہ انشاءاللہ اشاعت درود وسلام کو صرف دینی اور خدمتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے جذبہ کے تحت ساری دنیا میں حسب استطاعت عام کرنیکا ہے۔ عاشقانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل خیر حضرات سے گذارش ہے کہ حسب استطاعت آگے آکر اس نیک کام کو جاری رکھیں۔ اور جو کام ہو رہا ہے اس کو مزید مستحکم کریں۔

اللہ سے دعاء ہے کہ اللہ ہم تمام کی کاوشوں کو قبول فرمائے اور اپنے رحم وکرم سے ایسے اسباب فراہم کردے کہ اشاعت درود وسلام کا سلسلہ تاقیامت جاری رہے۔ اور تمام مسلمانانِ عالم اس سے مستفید ہوتے رہیں۔ (آمین)

مخلص

موسیٰ ابوخالد صدّیقی

بتاریخ ۱۷ فبروری سنہ ۱۹۹۴ء

م ۵ رمضان المبارک سنہ ۱۴۱۴ھ

بروز جمعرات۔

بمقام:۔ نورخاں بازار حیدرآباد 500024

مکان نمبر 22-1-875/A

فون نمبر — 525372

عرضِ مترجم

جنوری ۱۹۹۲ء میں اس فقیر کو بغداد شریف میں اپنے جدِ پاک غوثِ اعظم حضرت شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے آستانۂ عالیہ پر حاضری و زیارت کی سعادت نصیب ہوئی تو نقیب الاشراف حضرت پیر یوسف گیلانی مدظلہ العالی سے شرفِ نیاز بھی حاصل ہوا اس موقع پر آپ نے ازراہِ شفقت دیگر کتب و تبرکات کیساتھ کتب خانۂ بغداد میں محفوظ واحد قلمی نسخہ "اورادِ قادریہ" کا ایک زیراکس بھی اپنی خصوصی اجازت سے بنفسِ نفیس مجھے مرحمت فرمایا (تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو ہماری کتاب "تجلیاتِ بغداد") جو مختلف تسبیحات و مناجات اور سلام و صلوات پر مشتمل ایسے نادر دعائیہ کلمات اور تسبیحات بابرکات کا حسین مرقع ہے جو حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے لبِ حق آشنا سے نکلے اور آپ کے روز مرہ معمولات بن گئے۔ زیارتِ بغداد سے وطن واپسی پر شائقین و متمکین کو اس بارے میں علم ہوا تو ان کی جانب سے مسلسل اصرار ہونے لگا کہ اس کتاب کا بھی ترجمہ کر کے اسی طرح شائع کروں جسطرح قبل ازیں حضور غوث الثقلین رضی اللہ عنہ کے فارسی و عربی میں مکتوبات، ادعیۂ احزاب اور کتبِ ذیل میرے ترجمہ کے ساتھ اشاعت پاکر کئی شیدائیانِ غوث کے قلب و روح کی تسکین کا باعث بنے یعنی (۱) مکتوباتِ غوثِ اعظم (۲) بشائر الخیرات (۳) دعاء بسملہ جیلانی (۴) دعاے جلالہ جیلانی (۵) سر الاسرار مع ترجمہ و تحشیہ نور الانوار (۶) اور ورد جلالہ جیلانی وغیرہ

چنانچہ (۷۱۳) صفحات پر مشتمل اورادِ قادریہ کو جو ترجمہ کے بعد مزید ضخیم کتاب بن گئی، سہولت کی خاطر چار حصوں میں اسطرح تقسیم کیا گیا کہ حصّہ اوّل میں ابتدائی متفرق اوراد، حصّہ دوم میں ہفتہ بھر کے سات دنوں کیلئے مخصوص اوراد، حصہ سوم میں ایک ہی دن کی پانچ نمازوں کے اوقات میں پڑھنے کے اوراد اور حصہ چہارم میں آخری متفرق اوراد شامل ہوں۔ بسنہ ۱۹۹۲ء میں مکتبہ صوفیہ بلاغ تصوف منزل کی جانب سے حصہ اوّل شائع ہو کر منظرِ عام پر آیا تو اتنا مقبول و پسندیدہ ثابت ہوا کہ دیکھتے دیکھتے اس کے نسخے نکل گئے جس کے بعد حصّہ اول کی دوبارہ اشاعت نیز باقی تین حصّوں کو مع ترجمہ جلد شائع کرنے کی خواہش کے ساتھ آندھرا، مہاراشٹرا، گجرات، راجستھان اور کشمیر وغیرہ کے مختلف مقامات سے محبانِ غوث کے

کئی خطوط کا ایک تانتا سا لگ گیا۔ حُسنِ اتفاق سے اسی دوران بتاریخ ۱۰ محرم ۱۴۱۴ھ مسجد حاجی کمال دارالشفاء امین منعقدہ مجلسِ شہادت میں میری مخاطبت کے بعد ہمارے ایک عقیدتمند مولوی محمد شریف صاحب (ہوٹل پریسیڈنٹ) نے جناب موسیٰ ابُو خالد صدیقی صاحب کا تعارف مجھ سے کروایا جو درود شریف کے مختلف مجموعے جیسے اوائل الخیرات اور بشائر الخیرات وغیرہ کو شائع کرکے عوام تک پہنچانے کا ایک لائق تحسین کام کر رہے ہیں برسبیل تذکرہ یہ تجویز بھی سامنے آئی کہ اورادِ قادریہ کے مابقی تین حصّے بھی عوام تک پہنچانے میں موصوف اپنا حصّہ ادا کرسکتے ہیں جس سے انہوں نے نہ صرف اپنی دلچسپی کا اظہار کیا بلکہ چند روز بعد ہی میرے مکان تصوف منزل نمبر دہائی کو دوبارہ مجھ سے ملاقات کرتے ہوئے یہ خوشخبری سنائی کہ "اوراد قادریہ" کی الحمدللہ عنقریب اشاعت کے لیے غیب سے بندوبست اس طرح ہوگیا ہے کہ موصوف ہی کے ایک مرحوم دوست کے فرزندان اس کارخیر کی تکمیل کے ذریعہ اپنے مرحوم والد کی روح کو خراج ثواب بخش کرنا چاہتے ہیں لہٰذا بہت جلد ابو خالد صاحب کے ہی مکان واقع نور خاں بازار میں میرے رفقائے سفر بغداد مولانا سید شاہ حبیب اللہ شاہ قادری اور مولانا سید شاہ شمس الدین قادری کے ساتھ ایک نشست میں یہ طے کیا گیا کہ کتاب ہذا کا پہلا یہ ایڈیشن ابو خالد صاحب شائع کریں گے۔ چنانچہ حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے جشنِ ولادت ہی کے دن یعنی ۲۹ر شعبان ۱۴۱۴ھ کو یہ کام الحمدللہ انجام کو پہنچا جو زیور طبع سے آراستہ ہونے کے بعد اب آپکے ہاتھ میں ہے کتابِ ہذا میں امور ذیل کا خصوصی لحاظ رکھا گیا ہے۔

(۱) قبل ازیں شائع شدہ حصّہ اول بھی شاملِ ہذا کردیا گیا ہے تاکہ قارئین کو اس کی کمی محسوس نہ ہو۔

(۲) ترجمہ کو تحت اللفظ کے بجائے ایسے سلیس اور مربوط انداز میں لکھا گیا ہے کہ عربی کے سوا صرف اردو عبارت پڑھنے پر معنی و مفہوم بآسانی ذہن نشین ہوجائے (۳) اوراد میں جہاں کہیں قرآنی آیات واقع ہوئی ہیں انکو کلام اللہ سے مطابقت کے بعد نہ صرف صحت کے ساتھ لکھنے کی خصوصی کوشش کیگئی ہے بلکہ ہر آیت کے ساتھ سورۃ اور آیت کا حوالہ بھی درج کردیا گیا ہے مثلاً "سَلٰمٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ" کا حوالہ (۳۶/۵۸) دیا گیا ہے جس سے مراد قرآنِ پاک کے چھتیسویں (۳۶) سورۂ یٰس کی آیت نمبر اٹھاون (۵۸) ہے۔

(۴) حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم گرامی کے آگے قوسین میں (صلی اللہ علیہ وسلم) لکھنے میں پوری احتیاط سے کام لیا گیا ہے۔ کیونکہ اسکے بجائے "ص" یا "صلعم" لکھنے والے کو علمائے حق نے بموجب ارشادِ نبوی سب سے بڑا بخیل شخص قرار دیا ہے۔ اسی طرح "ع" اور "رض" کی جگہ پورے الفاظ علیہ السلام اور رضی اللہ عنہ لکھنے کا خیال رکھا گیا ہے۔ (۵) حضرت سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے لیئے ضمیرِ غائب جہاں بھی واقع ہوئی ہے وہاں

"وہ، اسکا، اسکے" کی جگہ ادب و احترام کو ملحوظ رکھتے ہوئے "آپ، آپ کا، آپ کے" ترجمہ لکھا گیا ہے

⑥ کتاب کے صفحہ نمبر ۱۶۳ اور ۲۱۲ پر اوراد کے درمیان زمرۂ اولیاء و صالحین کے ساتھ نیز وسیلۂ حرمت کیلئے حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے اسم گرامی کا خصوصی ذکر ہے اور ہفتہ بھر کے ساتوں دن کے اوراد کے ختم پر دعا کے آخر میں بھی آپ کے نام مبارک کا توسّل اختیار کیا گیا ہے اور آپ کی روح پر فتوح کے حضور نذرانۂ عقیدت پیش کیا گیا ہے۔ جو صاحبِ اجازت کی ہدایت کے عین مطابق ہے۔

⑦ "اوراد قادریہ" میں شامل دعاؤں اور درودوں میں سے ہر ایک کی اعلیٰ تاثیر میں کوئی شک نہیں۔ ان کو پڑھنے کا اصل مقصد اپنے گناہوں کی مغفرت اور اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا و خوشنودی حاصل کرنا نیز غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے سلسلۂ طریقت کے روحانی فیوض و برکات سے مالا مال ہونا اور اسکی بدولت دنیاوی مقاصد میں بھی بامراد و کامیاب ہونا، نیز دشمنوں کے کید و شرارت اور آفات و بلیات سے محفوظ رہنا ہے۔ ہر دعا یا درود کا مقصد تو اصل نسخہ میں درج نہیں ہے۔ اسلئے اپنی جانب سے کچھ لکھنا تو مناسب نہیں تھا البتہ حزب یا درود کے عنوان یا متن سے کچھ اندازہ ضرور قائم کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً حزب الاستغفار حصولِ مغفرت کے لئے، صلوٰۃ الثقلین دونوں جہاں کی نعمتیں پانے کیلئے، صلوٰۃ الرزق روزی میں کشادگی کیلئے، صلوٰۃ الکوثر کثیر نعمتیں پانے کیلئے صلوٰۃ کبریت احمر، صلوٰۃ لاہوتیہ اور صلوٰۃ تجلیہ قلب کو انوار و تجلیات الٰہی کا آئینہ بناتے ہیں ص ۲۱ کی دعا، مقاصد اور مرادوں کی تکمیل کیلئے ہے اور ص ۹۲ تا ۹۴ پر دعا ر دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے ہے

واضح باد کہ بعض اصحاب نے قبل ازیں کئی بار طبع شدہ "فیوضیات ربانیہ" نامی ایک دوسری ہی کتاب کو اپنی جانب سے اوراد قادریہ کا خود ساختہ نام دیکر شائع کر دیا ہے جس سے سادہ لوح مسلمان غلط فہمی و گمراہی کا شکار ہو رہے ہیں جبکہ "اوراد قادریہ" کے نام سے بغداد میں محفوظ اصل نسخہ ہذا سے کوئی تعلق نہیں لہٰذا شائقین اس فریب کا شکار ہونے سے خبردار رہیں۔ آخر میں عرض ہے کہ بتقاضائے بشری اگر کسی جگہ کتابت میں سہو یا طباعت میں محو پایا جائے تو براہ مہربانی اس سے مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں اسکا لحاظ رکھا جائے اللہ تعالیٰ اس کتاب کو میرے اور جملہ محبانِ غوث کیلئے مغفرت کا ذریعہ اور دارین کی نعمتوں سے مالا مال ہونے کا وسیلہ بنائے آمین فقط

تصوف منزل نزد ہائیکورٹ ۱۱ فروری سنہ ۱۹۹۴ء بروز جمعہ ● مترجم۔ قاضی سید شاہ اعظم علی صوفی قادری عفی عنہ

ح

فہرست

عنوان | صفحہ نمبر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اللھم انی اسئلک بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

الٰہی بیشک میں تجھ ہی سے مانگتا ہوں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے حق کیساتھ

وبحرمۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ وبفضل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی حرمت کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے فضل کے ساتھ

وبعظمۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ وبجلال بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی عظمت کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے جلال کے ساتھ

وبجمال بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ وبکمال بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے جمال کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے کمال کے ساتھ

وبھیبۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ وبمنزلۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی ہیبت کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے مرتبہ کیساتھ

وبملکوت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ وبجبروت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی بادشاہی کیساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی طاقت کیساتھ

وبکبریاء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ وبثناء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی بزرگی کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی تعریف کے ساتھ

وبھاء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ وبکرامۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی خوبصورتی کیساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی کرامت کے ساتھ

وبسلطان بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ وببرکۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی حجت کے ساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی برکت کے ساتھ

وبعزۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ وبقوۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی عزت کیساتھ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی قوت کے ساتھ

وَبِقُدْرَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِرْفَعْ قَدْرِيْ وَاشْرَحْ صَدْرِيْ

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی قدرت کیساتھ میرے وقار کو اونچا فرمادے اور میرا سینہ کھولدے

وَيَسِّرْ اَمْرِيْ ○ وَارْزُقْنِيْ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ○ بِفَضْلِكَ

اور میرا کام آسان فرمادے اور مجھے وہاں سے روزی دے جہاں اسکا گمان نہ ہو تیرے فضل اور

وَكَرَمِكَ يَا مَنْ هُوَ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَاَسْئَلُكَ بِجَلَالِ

تیرے کرم سے اے وہ ذات جسکی شان کھیعص اور حمعسق ہے اور میں تجھ سے عزت کے جلال

الْعِزَّةِ وَجَلَالِ الْهَيْبَةِ وَجَبَرُوْتِ الْعَظَمَةِ ○ اَنْ تَجْعَلَنِيْ

اور ہیبت کے جلال اور عظمت کی طاقت کے ساتھ مانگتا ہوں یہ کہ مجھے تیرے

مِنْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ○ اَلَّذِيْنَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

نیک بندوں سے بنادے جن پر نہ خوف ہے اور نہ جن کو

يَحْزَنُوْنَ ○ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ○ وَاَنْ تُصَلِّيَ

غم ہوگا تیری رحمت کے ساتھ اے سب مہربانوں سے بڑھ کر مہربان اور یہ کہ تو

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَافْعَلْ لِيْ كَذَا وَكَذَا ○

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیجے اور میرے لیئے یوں یوں کارسازی فرمادے

حِزْبُ الْاِسْتِغْفَارِ لِسَيِّدِ السُّلْطَانِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْكِيْلَانِيْ قدس اللہ سرہ

سید سلطان عبدالقادر گیلانی قدس سرہٗ کا حزب استغفار

اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (۲۷/۳۰)

بے شک وہ سلیمان کی طرف سے ہے اور بے شک وہ اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنَّ حَسَنَاتِيْ مِنْ عَطَائِكَ وَسَيِّئَاتِيْ مِنْ قَضَائِكَ ○

اے اللہ بیشک میری نیکیاں تیری عطا کی بدولت ہیں اور میری برائیاں تیری قضاء کے سبب ہیں۔

اَللّٰهُمَّ جُدْ عَلٰى مَا اَعْطَيْتَ عَلٰى مَا قَضَيْتَ حَتّٰى تَمْحُوْ ذٰلِكَ

اے اللہ بانصیب بنا اس پر جو کچھ تو عطا فرمائے اور جو کچھ تو حکم فرمائے حتیٰ کہ اس (مشکل) کو اس سے مٹادے

بِذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ لَوْلَا عَطَاؤُكَ لَكُنْتُ مِنَ الْهَالِكِيْنَ ۝ وَلَوْلَا

اے اللہ! اگر تیری بخشش نہ ہو تو میں ہلاک ہونیوالوں سے ہو جاؤں اور اگر

قَضَاؤُكَ لَكُنْتُ مِنَ الْفَائِزِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ فَالْمَعْذِرَةُ اِلَيْكَ

تیری قضاء نہ ہو تو میں کامیاب ہونیوالوں میں سے ہو جاؤں اے اللہ! تجھ ہی سے معافی مطلوب ہے

فِيْمَا سَبَقَ بِهٖ عِلْمُكَ ۝ وَجَرٰى بِهٖ قَلَمُكَ ۝ وَاَنْتَ

اس پر کہ جو کچھ پہلے سرزد ہوا جو تیرے علم میں ہے اور جسکے لئے تیرا قلم چلا اور تو ہی

اَعَزُّ وَاَكْرَمُ وَاَجَلُّ وَاَعْظَمُ مِنْ اَنْ تُطَاعَ اِلَّا بِاِذْنِكَ ۝ وَ

سب سے بڑا عزت والا اور بزرگ اور مرتبہ والا اور عظمت والا ہے۔ یہ کہ تیری ہی اجازت سے تیری اطاعت ہو

مِنْ اَنْ تُعْصٰى اِلَّا بِعِلْمِكَ ۝ اَطَعْتُكَ بِاِذْنِكَ فَالْمِنَّةُ

اور یہ کہ تیرے ہی علم سے تیری نافرمانی ہو میں نے تیری اجازت سے تیری اطاعت کی پس

لَكَ ۝ وَعَصَيْتُكَ بِعِلْمِكَ فَالْحُجَّةُ لَكَ ۝ اَللّٰهُمَّ

تیرے لئے ہی شکر ہے اور میں نے تیرے علم سے تیری نافرمانی کی پس تیرے لئے حجت ہے۔ اے اللہ!

اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِوُجُوْدِ حُجَّتِكَ وَانْقِطَاعِ حُجَّتِىْ اَنْ تُصَلِّىَ

میں تیری حجت کے وجود کے ساتھ اور میری حجت کو منقطع کر کے تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ تو

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ ۝ وَاَنْ تَغْفِرَ لِىْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیجے اور تو اپنے پاس سے مجھے ایسی مغفرت بخش دے

تُقَرِّبُهَا عَيْنِىْ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ كَتَبْتَنِىْ شَقِيًّا فَامْحُنِىْ وَاكْتُبْنِىْ

کہ مجھے قرب خاص حاصل ہو جائے اے اللہ! اگر تو نے مجھے بدبخت لکھا ہے تو اسے مٹا دے اور

سَعِيْدًا ۝ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا

مجھے نیک بخت لکھدے۔ پس یہ تیرا ہی فرمان ہے اور تیرا فرمان سچا ہے "اللہ جو چاہا مٹاتا

يَشَآءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتٰبِ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ

اور ثابت کرتا ہے اور اصل لکھا ہوا اسی کے پاس ہے" (الرعد:٣٩) اے اللہ! بے شک میں

اَسْتَغْفِرُكَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ سَبَقَ فِيْ عِلْمِكَ اَسْتَوْجَبَ

تجھ ہی سے ہر اس پچھلے گناہ کی بخشش چاہتا ہوں جو تیرے علم میں ہے جو میری دعاء

بِهٖ رَدَّ الدُّعَاءِ وَحِرْمَانَ الْاِجَابَةِ وَخَيْبَةَ الطَّمَعِ ○

رد ہونے کا اور قبولیت سے محرومی کا اور خواہش کی مایوسی کا اور

وَانْفِسَاخَ الرَّجَاءِ ○ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

امید ٹوٹ جانے کا موجب بنا۔ پس محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود

اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْلِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

بھیج اور اے سب سے بہترین بخشنے والے مجھے بخشدے۔ اے اللہ! بیشک میں تجھ ہی سے

اَسْتَغْفِرُكَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ سَبَقَ فِيْ عِلْمِكَ اَنِّيْ

ہر اس پچھلے گناہ کی بخشش چاہتا ہوں جو تیرے علم میں ہے بے شک تونے

فَاعِلُهٗ بِقُدْرَتِكَ الَّتِيْ قَدَّرْتَ بِهَا عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ فَصَلِّ عَلٰى

ہر چیز کو جو قدرت بخشی ہے تیری اس قدرت کے ساتھ میں نے اسکا ارتکاب کیا ہے، پس

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْلِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ ○

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج اور اے سب سے بہترین بخشنے والے مجھے بخشدے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ ذَنْبٍ قَوِيَ عَلَيْهِ بَدَنِيْ

اے اللہ! میں تجھ ہی سے ہر اس گناہ کی بخشش چاہتا ہوں جس پر میرا جسم تیری دی ہوئی

بِعَافِيَتِكَ ○ وَانْبَسَطَتْ اِلَيْهِ يَدِيْ بِسَعَةِ فَضْلِكَ ○

تندرستی کے ساتھ قائم تھا۔ اور تیرے فضل کے موافق میرا ہاتھ اس کی طرف دراز ہوا

وَحَتَجَبْتُ عَنِ النَّاسِ مِنْ سِتْرِكَ ○ وَاتَّكَلْتُ عِنْدَ

اور میں نے تیری پناہ میں لوگوں سے پردہ پوشی کی اور میں نے تجھ سے

خَوْفِيْ مِنْكَ عَلٰى اَمَانِكَ ○ وَوَثِقْتُ مِنْ سَطْوَتِكَ

میرے خوف کے وقت تیری امان پر بھروسہ کیا اور میں نے تیری ہی قدرت سے

بِحِلْمِكَ ○ وَعَوَّلْتُ عَلٰى كَرَمِ وَجْهِكَ وَعَفْوِكَ

تیرے حلم پر یقین کیا اور میں نے تیری ذات کے کرم اور تیری بخشش کی دہائی دی

○ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْ لِيْ يَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ ○

پس محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج اور اے سب سے بہترین بخشنے والے مجھے

بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

تیری رحمت کیساتھ بخشدے اے سب مہربانوں سے بڑھکر مہربان، اور ساری تعریف اللہ کیلئے ہے جو سارے عالموں کا رب ہے

○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُحْيِيْ بِهَا

اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج۔ وہ درود جسکی بدولت میری روح

رُوْحِيْ ○ وَتُوَفِّرُ بِهَا فُتُوْحِيْ ○ وَتَرْفَعُ بِهَا حُجُبِيْ

زندہ رہے اور میری کامیابیوں میں خوب اضافہ ہو اور میرے پردے اٹھ جائیں اور میرا

○ وَتُنَوِّرُ بِهَا قَلْبِيْ ○ وَتُؤَكِّدُ بِهَا حُبِّيْ ○ وَتُحَقِّقُ

دل روشن ہوجائے اور میری محبت معتبر ہوجائے اور میرا قرب

بِهَا قُرْبِيْ ○ وَتُزَكِّيْ بِهَا لُبِّيْ ○ وَتُفَرِّجُ بِهَا كُرْبِيْ

حقیقت بن جائے اور میرا باطن پاکیزہ ہوجائے اور میری مصیبت ٹل جائے

○ وَتَكْشِفُ بِهَا غَمِّيْ ○ وَتَغْفِرُ بِهَا ذَنْبِيْ ○ وَتَسْتُرُ

اور میرا غم چھٹ جائے اور میرا گناہ معاف ہوجائے اور میرا

بِهَا عَيْبِيْ ○ وَتُؤَهِّلُنِيْ لِرُؤْيَتِهٖ وَمُشَاهَدَتِهٖ ○

عیب چھپ جائے۔ اور میں آپ کے دیدار و مشاہدہ کا لائق بن جاؤں

وَتُسْعِدُنِيْ بِمُكَالَمَتِهٖ وَمُشَافَهَتِهٖ ○ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو اور مخاطبت کی سعادت عطا فرما۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

اور آپکی آل اور اصحاب اور ازواج اور ذریات پر سلام بھیج، اور ساری تعریف اللہ کیلئے ہے جو سارے عالموں کا رب ہے

اِن اسمائے گرامی سے قبل ایک بار اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی مَنِ اسْمُہٗ نیز

ہر اسمِ مبارک سے پہلے سَیِّدُنَا اور بعد صلی اللہ علیہ وسلم کا پڑھنا موجبِ ثوابِ عظیم ہے

مُحَمَّدٌ مَحْمُوْدٌ اَحْمَدُ حَامِدٌ قَاسِمٌ عَاقِبٌ خَاتَمٌ مَاحِی

تعریف کئے ہوئے، سراہے ہوئے، بہت سراہے ہوئے، تعریف کرنیوالے، تقسیم کرنیوالے، سب کے پیچھے آنیوالے، ختم نبوت کی مہر، کفر مٹانیوالے

دَاعِی سِرَاجٌ مُنِیْرٌ حَاشِرٌ مُبَشِّرٌ نَذِیْرٌ مُنْذِرٌ

دعوتِ حق دینوالے، چراغِ روشن، جمع کرنیوالے، خوشخبری دینوالے، ڈرانے والے، ڈر پیدا کرنیوالے

رَسُوْلٌ مُرْسَلٌ نَبِیٌّ مَهْدِیٌّ مُهْتَدٍ خَلِیْلٌ

رسول، بھیجے ہوئے، نبی، ہدایت پائے ہوئے، ہدایت پر قائم، اللہ کو دوست رکھنے والے

حَبِیْبٌ طَبِیْبٌ صَفِیٌّ طٰهٰ یٰسٓ مُصْطَفٰی مُجْتَبٰی

اللہ کے پیارے، علاج کرنیوالے، منتخب، طٰہٰ، یٰسٓ، چنے ہوئے، برگزیدہ

مُرْتَضٰی نَاصِرٌ قَائِمٌ حَافِظٌ شَاهِدٌ شَهِیْدٌ عَادِلٌ

پسندیدہ، مددگار، قائم، حفاظت کرنیوالے، گواہی دینے والے، گواہ، انصاف کرنیوالے

عَالِمٌ حَلِیْمٌ نُوْرٌ مُبِیْنٌ بُرْهَانٌ حُجَّةٌ بَیَانٌ

علم والے، حلم والے، روشنی والے، ظاہر، روشن دلیل، حجت، بیان،

مُطِیْعٌ مَذْکُوْرٌ وَاعِظٌ صَاحِبٌ نَاطِقٌ صَادِقٌ

رب کی اطاعت کرنیوالے، ذکر فرمائے گئے، وعظ کرنیوالے، صاحب، بولنے والے، سچ کہنے والے

مُصَدِّقٌ مُظَفَّرٌ مَکِّیٌّ مَدَنِیٌّ اَبْطَحِیٌّ قُرَشِیٌّ عَرَبِیٌّ

سچ بتائے ہوئے، فتح پائے ہوئے، مکے والے، مدینے والے، بطحا والے، قریشی، عربی،

هَاشِمِیٌّ عَزِیْزٌ حَرِیْصٌ رَؤُفٌ رَحِیْمٌ جَوَادٌ غَنِیٌّ

ہاشمی، عزت والے، نہایت بھلائی چاہنے والے، مہربان، رحم والے، سخی، بے پروا،

فَتَّاحٌ عَلِیْمٌ مُنِیْبٌ خَطِیْبٌ فَصِیْحٌ رَشِیْدٌ

کھولنے والے، علم والے، اللہ سے رجوع ہونیوالے، خطابت والے، فصاحت والے، رہنما

طَاهِرٌ مُطَهَّرٌ اِمَامٌ اَمِيْرٌ مُتَوَسِّطٌ سَابِقٌ مُقْتَصِدٌ

پاک، پاک کئے ہوئے، امام، امیر، درمیانی، پچھلے، اعتدال پسند

اَوَّلٌ اٰخِرٌ ظَاهِرٌ بَاطِنٌ شَافِعٌ مُشَفَّعٌ هَادٍ مُحَلِّلٌ

اول، آخر، کھلے، پوشیدہ، شفاعت کرنیوالے، شفاعت کئے ہوئے، رہبر، حلال ٹھیرانیوالے

مُحَرِّمٌ اٰمِرٌ نَاهِیْ حَکِیْمٌ قَرِیْبٌ شَاکِرٌ شَکُوْرٌ

حرام ٹھیرانے والے، حکم دینیوالے، منع کرنیوالے، حکمت والے، نزدیک، شکر کرنیوالے، شکر کے قدر داں

صَبُوْرٌ رَقِیْبٌ مُزَّمِّلٌ مُدَّثِّرٌ مُعَلًّی مُزَکًّی مُشْفِقٌ

بُردبار، نگاہ رکھنے والے، جھرمٹ مارنیوالے، چادر اوڑھنے والے، بلند کئے ہوئے، پاک کیئے ہوئے، شفقت کرنیوالے

مُحْسِنٌ مُتَمِّمٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

احسان کرنیوالے، پورا کرنیوالے، آپ پر اور آپ کی آل واصحاب پر اللہ کا درود و سلام ہو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلرَّحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلرَّحِیْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ

وہی اللہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اس کی شان بڑی ہے، نہایت مہربان اسکی شان بڑی ہے، بڑا رحم والا اسکی شان بڑی ہے

اَلْمَلِكُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْقُدُّوْسُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلسَّلَامُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْمُؤْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ

بادشاہ اسکی شان بڑی ہے، پاک اسکی شان بڑی ہے، سلامت اسکی بڑی شان ہے، امان دینوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلْمُهَیْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْعَزِیْزُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْجَبَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْمُتَکَبِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْخَالِقُ جَلَّ جَلَالُهٗ

نگہبان اسکی بڑی شان ہے، عزت والا اسکی بڑی شان ہے، تسلط والا اسکی بڑی شان ہے، تکبر والا اسکی بڑی شان ہے، پیدا کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلْبَارِیُٔ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْمُصَوِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْغَفَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْقَهَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْوَهَّابُ جَلَّ جَلَالُهٗ

پیدا کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، صورت دینیوالا اسکی بڑی شان ہے، بہت بخشنے والا اسکی بڑی شان ہے، قہر والا اسکی بڑی شان ہے، بہت نوازنیوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلرَّزَّاقُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْفَتَّاحُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْعَلِیْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْقَابِضُ جَلَّ جَلَالُهٗ اَلْبَاسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ

رزق دینوالا اسکی بڑی شان ہے، کھولنے والا اسکی بڑی شان ہے، علم والا اسکی بڑی شان ہے، تنگی دینوالا اسکی بڑی شان ہے، کشادگی دینوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلْخَافِضُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلرَّافِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُعِزُّ اَلْمُذِلُّ اَلسَّمِیْعُ جَلَّ جَلَالُہٗ

پست کرنیوالا اس کی بڑی شان ہے، بلند کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، عزت دینیوالا ذلت دینیوالا سننے والا اسکی بڑی شان ہے

اَلْبَصِیْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَکَمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْعَدْلُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَللَّطِیْفُ جَلَّ جَلَالُہٗ

دیکھنے والا اس کی بڑی شان ہے، حکم دینیوالا اس کی بڑی شان ہے، انصاف والا اسکی بڑی شان ہے، لطف والا اسکی بڑی شان ہے

اَلْخَبِیْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَلِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْعَظِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْغَفُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

خبردار اس کی بڑی شان ہے، حلم والا اسکی بڑی شان ہے، عظمت والا اسکی بڑی شان ہے، بخشنے والا اسکی بڑی شان ہے

اَلشَّکُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْعَلِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْکَبِیْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَفِیْظُ جَلَّ جَلَالُہٗ

شکر قدر کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، بلند مرتبہ اسکی بڑی شان ہے، بہت بڑا اس کی بڑی شان ہے، بڑا نگہبان اسکی بڑی شان ہے

اَلْمُقِیْتُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَسِیْبُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْجَلِیْلُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْکَرِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

قوت دینیوالا اسکی بڑی شان ہے، کفایت کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، بزرگ اسکی بڑی شان ہے، کرم والا اسکی بڑی شان ہے

اَلرَّقِیْبُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُجِیْبُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَکِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَدُوْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ

نگاہ رکھنے والا اسکی بڑی شان ہے، قبول کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، فراخی والا اسکی بڑی شان ہے، حکمت والا اسکی بڑی شان ہے، بہت دوست رکھنے والا اسکی بڑی شان ہے

اَلْمَجِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْبَاعِثُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلشَّھِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَقُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَکِیْلُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بزرگوار اسکی بڑی شان ہے، رسول بھیجنے والا اسکی بڑی شان ہے، گواہ اسکی بڑی شان ہے، سچا اسکی بڑی شان ہے، کارساز اسکی بڑی شان ہے

اَلْقَوِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمَتِیْنُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَلِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَمِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ

قوت والا اسکی بڑی شان ہے، مضبوط اسکی بڑی شان ہے، مددگار اسکی بڑی شان ہے، تعریف کرنیوالا اسکی شان بڑی ہے

اَلْمُحْصِیْ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُبْدِئُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُعِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُحْیِیْ جَلَّ جَلَالُہٗ

گھیرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، ابتداء کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، لوٹانے والا اسکی بڑی شان ہے، زندگی دینیوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلْمُمِیْتُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْقَیُّوْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَاجِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ

موت دینے والا اسکی بڑی شان ہے، ہمیشہ زندہ اسکی بڑی شان ہے، ہمیشہ قائم رہنے والا اسکی بڑی شان ہے، بے پروا اسکی بڑی شان ہے

اَلْمَاجِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَاحِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْاَحَدُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلصَّمَدُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بزرگ اسکی بڑی شان ہے، یکتا اسکی بڑی شان ہے، ایک اسکی بڑی شان ہے، بے نیاز اسکی بڑی شان ہے

اَلْقَادِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُقْتَدِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُقَدِّمُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُؤَخِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

قدرت والا اسکی بڑی شان ہے، قدرت دینے والا اسکی بڑی شان ہے، آگے کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، پیچھے کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلْاَوَّلُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْاٰخِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلظَّاهِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْبَاطِنُ جَلَّ جَلَالُہٗ

اوّل اسکی بڑی شان ہے، آخر اس کی بڑی شان ہے، کھلا اس کی بڑی شان ہے، پوشیدہ اسکی بڑی شان ہے

اَلْوَالِیُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُتَعَالِ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْبَرُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلتَّوَّابُ جَلَّ جَلَالُہٗ

تدبیر سے کام کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، برتر اسکی بڑی شان ہے۔ بھلائی کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، بہت توبہ قبول کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلْمُنْتَقِمُ اَلْمُنْعِمُ اَلْعَفُوُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلرَّؤُفُ جَلَّ جَلَالُہٗ مَالِكُ

بدلہ لینے والا نعمت دینے والا معاف کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، نہایت مہربان اسکی بڑی شان ہے، بادشاہ جہاں اسکی بڑی شان ہے

الْمُلْكِ جَلَّ جَلَالُہٗ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلرَّبُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

عظمت اور بزرگی والا اسکی بڑی شان ہے، پروردگار اس کی بڑی شان ہے

اَلْمُقْسِطُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْجَامِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْغَنِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُغْنِیُ جَلَّ جَلَالُہٗ

انصاف کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، جمع کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، بے پروا اسکی بڑی شان ہے، بے پروا کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلْمُعْطِیُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمَانِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلضَّارُّ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلنَّافِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلنُّوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

عطا کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، باز رکھنے والا اسکی بڑی شان ہے، ضرر پہنچانیوالا اسکی بڑی شان ہے، نفع پہنچانیوالا اسکی شان ہے، روشنی دینیوالا اسکی بڑی شان ہے

اَلْهَادِیْ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْبَدِیْعُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْبَاقِیْ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَارِثُ جَلَّ جَلَالُہٗ

ہدایت دینیوالا اسکی بڑی شان ہے، نیا پیدا کرنیوالا اسکی بڑی شان ہے، ہمیشہ رہنے والا اسکی بڑی شان ہے، فنا کے بعد رہنے والا اسکی بڑی شان ہے

اَلرَّشِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ اَلصَّبُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ ○ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ

راستہ بتانیوالا اسکی بڑی شان ہے، بردبار اسکی بڑی شان ہے، وہی ہے اللہ جو ایک اکیلا،

الْفَرْدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ○

تنہا، بے نیاز ہے جس نے اپنے لئے نہ کوئی بیوی اختیار کی اور نہ کوئی بیٹا

لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○ لَهٗ

نہ اسکی کوئی اولاد ہے، اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی ہے (۱۱۲/۳،۴) اسکے

الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی ○ وَالصِّفَاتُ الْعُلْیَا ○ وَلَهُ الْمَثَلُ

اسی کے ہیں سب اچھے نام (۲۰/۸) ، اور صفات بلند ہیں اور اسی کیلئے

الْاَعْلٰی فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِیْزُ

ہے سب سے برتر شان آسمانوں اور زمین میں اور وہی عزت و

الْحَکِیْمُ ○ لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ○

حکمت والا ہے (۳۰/۲۷) اس کے مثل کوئی بھی شے نہیں ہے اور وہ سننے والا دیکھنے والا ہے (۴۲/۱۱)

لَا تُدْرِکُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ

سب آنکھیں اسکا احاطہ نہیں کرتیں اور اس کے احاطہ میں سب آنکھیں ہیں اور وہ

اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ○ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ

لطف والا خبر دار ہے (۶/۱۰۴) وہی اول اور آخر اور ظاہر

وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ○ یَا جَمِیْلُ یَا اَللّٰهُ ○

اور باطن ہے اور اس کو ہر چیز کا علم ہے (۵۷/۳) اے وہ جمال والے اللہ

یَا قَرِیْبُ یَا اَللّٰهُ ○ یَا مُجِیْبُ یَا اَللّٰهُ ○ یَا حَبِیْبُ

اے وہ قریب رہنے والے اللہ اے وہ قبول کرنے والے اللہ اے وہ دوست

یَا اَللّٰهُ ○ یَا رَؤُفُ یَا اَللّٰهُ ○ یَا عَطُوْفُ یَا اَللّٰهُ

اللہ اے وہ مہربان اللہ اے وہ نگاہ کرم کرنے والے اللہ

یَا مَعْرُوْفُ یَا اَللّٰهُ ○ یَا لَطِیْفُ یَا اَللّٰهُ ○ یَا عَظِیْمُ

اے وہ معروف اللہ اے وہ لطف والے اللہ اے وہ عظمت والے

یَا اَللّٰهُ ○ یَا حَنَّانُ یَا اَللّٰهُ ○ یَا مَنَّانُ یَا اَللّٰهُ

اللہ اے وہ مہربان اللہ اے وہ بہت احسان کرنے والے اللہ

یَا دَیَّانُ یَا اَللّٰهُ ○ یَا سُبْحَانُ یَا اَللّٰهُ ○ یَا اَمَانُ

اے وہ حساب لینے والے اللہ اے وہ پاکی والے اللہ اے وہ امان والے

یَا اَللّٰہُ ○ یَا بُرْھَانُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا سُلْطَانُ یَا اَللّٰہُ ○

اللہ ، اے وہ دلیل والے اللہ ، اے وہ سلطنت والے اللہ

یَا مُسْتَعَانُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا مُحْسِنُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا مُتَعَالُ

اے وہ مدد کرنیوالے اللہ ، اے وہ احسان کرنیوالے اللہ ، اے وہ برتر

یَا اَللّٰہُ ○ یَا رَحْمٰنُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا رَحِیْمُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا

اللہ ، اے وہ نہایت مہربان اللہ ، اے وہ رحم والے اللہ ، اے

کَرِیْمُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا مَجِیْدُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا فَرْدُ یَا اَللّٰہُ

وہ کرم والے اللہ ، اے وہ بزرگی والے اللہ ، اے وہ تنہا اللہ

یَا وِتْرُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا اَحَدُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا صَمَدُ یَا اَللّٰہُ

اے وہ اکیلے اللہ ، اے وہ یکتا اللہ ، اے وہ بے نیاز اللہ

یَا مَحْمُوْدُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا صَادِقَ الْوَعْدِ یَا اَللّٰہُ ○

اے وہ سراہے ہوئے اللہ ، اے وہ وعدہ کا سچا اللہ

یَا عَلِیُّ یَا اَللّٰہُ ○ یَا غَنِیُّ یَا اَللّٰہُ ○ یَا شَافِیْ

اے وہ بلند مرتبہ اللہ ، اے وہ بے پروا اللہ ، اے وہ شفا دینے

یَا اَللّٰہُ ○ یَا کَافِیْ یَا اَللّٰہُ ○ یَا مُعَافِیْ یَا اَللّٰہُ ○

والے اللہ ، اے وہ کفایت دینے والے اللہ ، اے وہ معاف کرنیوالے اللہ

یَا بَاقِیْ یَا اَللّٰہُ ○ یَا ھَادِیْ یَا اَللّٰہُ ○ یَا قَادِرُ یَا

اے وہ ہمیشہ رہنے والے اللہ ، اے وہ ہدایت دینے والے اللہ ، اے وہ قدرت والے

اَللّٰہُ ○ یَا سَاتِرُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا قَھَّارُ یَا اَللّٰہُ ○

اللہ ، اے وہ عیب پوشی کرنیوالے اللہ ، اے وہ قہر والے اللہ

یَا جَبَّارُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا غَفَّارُ یَا اَللّٰہُ ○ یَا فَتَّاحُ یَا اَللّٰہُ

اے وہ تسلط والے اللہ ، اے وہ بخشنے والے اللہ ، اے وہ کھولنے والے اللہ

يَارَبَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ○

اے آسمانوں اور زمین کے پروردگار، اے عظمت و بزرگی والے

اَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ كُلِّهَا اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى

میں تجھ سے ان سارے ناموں کے وسیلے سے یہ مانگتا ہوں کہ تو

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَ

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج جیسا کہ

سَلَّمْتَ وَبَارَكْتَ وَرَحِمْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ

تو نے ابراھیم (علیہ السلام) اور ابراھیم (علیہ السلام) کی آل پر دونوں جہاں میں

وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ فِي الْعَالَمِيْنَ رَبَّنَا اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

درود و سلام اور برکت و رحمت بھیجی۔ اے ہمارے پروردگار! تو بڑی

○ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

تعریف و بزرگی والا ہے تیری رحمت کے ساتھ اے مہربانوں میں سب سے بڑا مہربان اور ساری تعریف اللہ کیلئے

يَا اَللّٰهُ (٣) يَا رَحْمٰنُ (٣) يَا رَحِيْمُ (٣) يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے، یا اللہ (تین بار) یا رحمٰن (تین بار) یا رحیم (تین بار) اے وہ ذات کہ تیرے سوا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ الرَّحْمٰنُ ○ يَا اَللّٰهُ الْمَلِكُ

کوئی معبود نہیں۔ اے اللہ بے شک میں تجھ ہی سے مانگتا ہوں اے نہایت مہربان اللہ اے

الْقُدُّوْسُ ○ يَا اَللّٰهُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ ○ يَا اَللّٰهُ الْجَبَّارُ

بادشاہ پاک اللہ اے نگہبان غالب اللہ اے تسلط والے، تکبر والے اللہ

الْمُتَكَبِّرُ ○ يَا اَللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ ○ يَا اَللّٰهُ الْمُصَوِّرُ

اے خلقت کرنے والے، پیدا کرنے والے اللہ اے صورت دینے والے بخشنے

الْغَفَّارُ ○ يَا اَللّٰهُ الْقَهَّارُ الْوَهَّابُ ○ يَا اَللّٰهُ الرَّزَّاقُ التَّوَّابُ ○

والے اللہ اے قہر والے، بہت نوازنے والے اللہ، اے رزق دینے والے، بہت توبہ قبول کرنیوالے اللہ

یا اَللّٰہُ اَلْفَتَّاحُ الْعَلِیْمُ ○ یا اَللّٰہُ اَلْقَابِضُ الْبَاسِطُ ○

اے کھولنے والے علم والے اللہ — اے تنگی دینے والے کشادگی دینے والے اللہ

یا اَللّٰہُ اَلْخَافِضُ الرَّافِعُ ○ یا اَللّٰہُ اَلسَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ○

اے پست کرنیوالے بلند کرنیوالے اللہ — اے سننے والے دیکھنے والے اللہ

یا اَللّٰہُ اَلْحَکَمُ الْعَدْلُ ○ یا اَللّٰہُ اَللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ○

اے حکم دینوالے عدل کرنیوالے اللہ — اے لطف والے خبردار اللہ

یا اَللّٰہُ اَلْغَفُوْرُ الشَّکُوْرُ ○ یا اَللّٰہُ اَلْحَفِیْظُ الْمُقِیْتُ

اے بخشنے والے شکر گزاروں کی قدر کرنیوالے اللہ — اے نگاہ رکھنے والے قوت دینے والے اللہ

○ یا اَللّٰہُ اَلْحَسِیْبُ الْجَلِیْلُ ○ یا اَللّٰہُ اَلْکَرِیْمُ الرَّقِیْبُ ○

اے کفایت کرنیوالے بزرگ اللہ — اے کرم والے نگہبان اللہ

یا اَللّٰہُ اَلْوَاسِعُ الْحَکِیْمُ ○ یا اَللّٰہُ اَلْوَدُوْدُ الْمَجِیْدُ

اے وسعت والے حکمت والے اللہ — اے بہت وسعت رکھنے والے بزرگ اللہ

○ یا اَللّٰہُ اَلْبَاعِثُ الْوَارِثُ ○ یا اَللّٰہُ یَا سَیِّدَ السَّادَاتِ

اے رسولوں کے بھیجنے والے فنا کے بعد رہنے والے اللہ — اے سرداروں کے سردار اللہ

○ یا اَللّٰہُ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ ○ یا اَللّٰہُ یَا رَفِیْعَ الدَّرَجَاتِ

اے دعاؤں کے قبول کرنیوالے اللہ — اے درجے بلند کرنیوالے اللہ

○ یا اَللّٰہُ یَا وَلِیَّ الْحَسَنَاتِ ○ یا اَللّٰہُ یَا عَظِیْمَ الْبَرَکَاتِ

اے نیکوں کے مددگار اللہ — اے برکتوں کی عظمت والے اللہ

○ یا اَللّٰہُ یَا غَافِرَ السَّیِّئَاتِ ○ یا اَللّٰہُ یَا مُعْطِیَ الْمَسْئُوْلَاتِ

اے گناہوں کے بخشنے والے اللہ — اے مرادوں کے عطا کرنیوالے اللہ

○ یا اَللّٰہُ یَا سَامِعَ الْاَصْوَاتِ ○ یا اَللّٰہُ یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ ○

اے آوازوں کے سننے والے اللہ — اے بلاؤں کو دور کرنے والے اللہ

یَا اَللّٰہُ یَا عَالِمَ السِّرِّ وَالْخَفِیَّاتِ ○ یَا اَللّٰہُ سُبْحَانَکَ

اے کھلی اور پوشیدہ باتوں کا علم رکھنے والے اللہ اے اللہ تو پاک ہے

یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا مِنْ اٰفَاتِ الدُّنْیَا

اے وہ ذات کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ، اے اللہ ہم کو دنیا و آخرت کی آفتوں

وَالْاٰخِرَۃِ یَا اَللّٰہُ خَیْرَ الرّٰحِمِیْنَ ○ یَا اَللّٰہُ خَیْرَ

سے محفوظ رکھ اے سب سے بڑھ کر مہربان اللہ اے سب سے بڑھ کر

الْحَافِظِیْنَ ○

حفاظت فرمانے والے اللہ

یَا اَللّٰہُ (۳) یَا رَحْمٰنُ (۳) یَا رَحِیْمُ (۳) یَا عَزِیْزُ (۳)

اے اللہ (تین بار) اے نہایت مہربان (تین بار) اے بہت رحم والے (تین بار) اے عزت والے (تین بار)

یَا ضَارُّ یَا لَطِیْفًا لَّا یُرَامُ ○ یَا قَیُّوْمًا لَّا یَنَامُ ○ یَا دَائِمًا

اے نقصان دینوالے، اے وہ لطف والے جسکو کسی سے حاجت نہیں، اے ہمیشہ قائم رہنے والے جو سوتا نہیں

لَّا یَفُوْتُ ○ یَا حَیًّا لَّا یَمُوْتُ ○ یَا مَالِکًا لَّا یُغْلَبُ

اے وہ ہمیشہ رہنے والے جو فوت ہوتا نہیں اے وہ ہمیشہ زندہ جو مرتا نہیں اے وہ مالک جو کبھی مغلوب نہیں ہوتا

○ یَا بَاقِیًا لَّا یَفْنٰی ○ یَا کَرِیْمًا لَّا یُوْصَفُ ○ یَا بَصِیْرًا لَّا

اے وہ ہمیشہ باقی رہنے والے جو فنا نہیں ہوتا اے وہ کرم والے جسکی خوبی بیان سے باہر ہے اے وہ دیکھنے والے

یَرْتَابُ ○ یَا عَالِمًا لَّا یَنْسٰی ○ یَا اَللّٰہُ یَا رَبَّ الْبَیْتِ

جس کے بارے میں کوئی شبہ نہیں، اے وہ علم والے جو کبھی بھولتا نہیں اے اللہ، اے خانہ کعبہ کے رب

الْحَرَامِ یَا اَللّٰہُ یَا رَبَّ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ○ یَا اَللّٰہُ یَا رَبَّ

اے اللہ اے مسجد حرام کے رب، اے اللہ، اے روشنی اندھیروں کے

النُّوْرِ وَالظَّلَامِ ○ یَا اَللّٰہُ یَا رَبَّ التَّحِیَّۃِ وَالسَّلَامِ

رب، اے اللہ، اے تحیت وسلام والے رب

يَا اَللّٰهُ يَا مَنْ هُوَ اَحَدٌ بِلَا ضِدٍّ ○ يَا اَللّٰهُ يَا مَنْ هُوَ

اے اللہ اے وہ یکتا جسکی کوئی ضد نہیں اے اللہ اے وہ

صَمَدٌ بِلَا عَيْبٍ ○ يَا اَللّٰهُ يَا مَنْ هُوَ وِتْرٌ بِلَا كَيْفٍ

بے نیاز جس کا کوئی عیب نہیں اے اللہ اے وہ اکیلی ذات جس کی کوئی دوسری حالت نہیں

يَا اَللّٰهُ يَا مَنْ هُوَ مَوْصُوْفٌ بِلَا شِبْهٍ ○ يَا اَللّٰهُ يَا

اے اللہ اے وہ خوبیوں والی ذات جس کے مثل کوئی نہیں اے اللہ اے

مَنْ هُوَ رَبٌّ بِلَا وَزِيْرٍ ○ يَا اَللّٰهُ يَا مَنْ هُوَ غَنِيٌّ بِلَا

وہ پروردگار جس کا کوئی وزیر نہیں اے اللہ اے وہ تونگر جو کسی کا فقیر نہیں

فَقِيْرٍ ○ يَا اَللّٰهُ يَا مَنْ هُوَ مَلِكٌ بِلَا عَدِيْلٍ ○ يَا اَللّٰهُ

اے اللہ اے وہ بادشاہ جس پر کوئی عدل کرنیوالا نہیں، اے اللہ

يَا مَنْ هُوَ مَوْجُوْدٌ بِلَا مَثِيْلٍ ○ يَا اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

اے وہ وجود والی ذات جسکی کوئی مثال نہیں، اے اللہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں

سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ

ہر طرح پاک ہے بیشک میں نے اپنے اوپر بڑا ظلم کیا، اے اللہ میں تیری پاکی بیان

وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ

کرتا ہوں اور تیرا نام برکت والا ہے۔ اور تیرا مرتبہ بلند ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں

غَيْرُكَ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں کہو وہ اللہ ایک ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

اللّٰهُ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَمْ يَلِدْ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ بے نیاز ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اسکی کوئی اولاد نہیں، اللہ کے سوا

وَلَمْ يُوْلَدْ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

کوئی معبود نہیں وہ کسی سے پیدا نہیں ہوا، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اسکے جوڑ کا کوئی نہیں۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ حَبِيْبُ اللّٰهِ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے حبیب ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

اٰدَمُ صَفِيُّ اللّٰهِ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ نُوْحٌ نَجِيُّ اللّٰهِ ○ لَا اِلٰهَ

آدم (علیہ السلام) اللہ کے صفی ہیں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں نوح (علیہ السلام) اللہ کے نجی ہیں، اللہ کے

اِلَّا اللّٰهُ اِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ اللّٰهِ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُوْسٰى

سوا کوئی معبود نہیں ابراھیم (علیہ السلام) اللہ کے خلیل ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

كَلِيْمُ اللّٰهِ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عِيْسٰى رُوْحُ اللّٰهِ ○

موسیٰ (علیہ السلام) اللہ کے کلیم ہیں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں عیسیٰ (علیہ السلام) اللہ کی روح ہیں

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

وہ ایک ہے۔ اسکا کوئی شریک نہیں۔ اس کا سارا جہان ہے اور اسی کی ساری تعریف

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

ہے اور وہ ہر شئے پر قدرت رکھتا ہے۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ○

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ ایک ہے اسکا کوئی شریک نہیں

اِلٰهًا وَّاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا لَّمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً

ایسا معبود ہے ایک، یکتا، بے نیاز کہ اس نے نہ کوئی بیوی اختیار کی اور نہ کوئی بیٹا

وَّلَا وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا

اور اس کے جوڑ کا کوئی نہیں۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں

اَنْتَ سُبْحَانَكَ عَمِلْتُ سُوْٓءً وَّظَلَمْتُ نَفْسِيْ

تو ہر طرح پاک ہے میں نے گناہ کیا اور اپنے نفس پر ظلم کیا پس میری

فَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ○

توبہ قبول کر بیشک تو بہت توبہ قبول کرنے والا بڑا رحم والا ہے۔ (۲/۱۲۸)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ

اے اللہ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تمام بیماریوں اور دواؤں کی تعداد

وَّدَوَاءٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ تَسْلِیْمًا

کے برابر درود بھیج اور آپ پر اور ان سب پر برکت فرما اور بہت سلام بھیج

کَثِیْرًا ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُکَ الضَّعِیْفُ الْمُذْنِبُ

اے اللہ بیشک میں تیرا بندہ کمزور، گناہ گار،

الْعَاصِیْ یَارَبِّ وَاَنْتَ قُلْتَ وَقَوْلُکَ الْحَقُّ اُدْعُوْنِیْ

نافرمان ہوں۔ اے پروردگار! تو نے فرمایا ہے اور تیرا ارشاد سچ ہے کہ

اَسْتَجِبْ لَکُمْ وَاَنَا اَدْعُوْکَ وَاَنَا عَبْدُکَ

"مجھ سے دعا کرو میں تمہارے لیئے قبول کروں گا" اور میں تجھ سے دعا کرتا ہوں اور میں

الضَّعِیْفُ وَظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ

تیرا بندہ کمزور ہوں اور میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا اور میں اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں

اِنَّہٗ لَایَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاَنْتَ رَبِّیْ رَحِیْمٌ

بے شک تیرے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخشتا پس تو ہی میرا رحم والا کرم والا پروردگار ہے

کَرِیْمٌ ○ وَھٰذَا الْعَبْدُ قَدْ تَابَ مِنْ کُلِّ عَمَلٍ

اور یہ بندہ ناچیز ہر اس کام سے توبہ کیا جس میں

مَالَابِہٖ رِضَاکَ ○ یَا اِلٰھِیْ بِحَقِّ قُدْرَتِکَ وَرَحْمَتِکَ

کہ تیری خوشنودی نہیں، اے میرے معبود! تو اپنی قدرت اور رحمت

وَمَعْرِفَتِكَ مِنْ عَبْدِكَ الضَّعِيْفِ اَنْ تَقْبَلَ

اور معرفت کے وسیلے سے تیرے اس کمزور بندے کی توبہ قبول فرما اور

تَوْبَتَهٗ وَتَرْحَمَتَهٗ يَا مَنْ لَا يُعِزُّ الْاَذِلَّاءَ وَلَا يُذِلُّ

اس پر رحمت فرمائے وہ (ذات کہ) تیرے سوا کوئی نہ ذلیلوں کو عزت دیتا ہے

الْاَعِزَّاءَ اِلَّا اَنْتَ ○ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا

اور نہ عزت والوں کو ذلت دیتا ہے اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت کے وسیلے سے

اَنْتَ ○ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِحُرْمَةِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ○

اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت کی حرمت کے طفیل

يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِعَظَمَةِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ○ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا

اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت کی عظمت کے طفیل اے لا الہ الا انت

اَنْتَ بِجَلَالِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ○ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِجَلَالَةِ

کی شان والے لا الہ الا انت کے جلال کے طفیل اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ○ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِكَمَالِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

کی جلالت کے طفیل اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت کے کمال کے طفیل

○ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِمُلْكِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ○ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا

اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت کی قدرت کے طفیل اے لا الہ الا انت

اَنْتَ بِعِزِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ○ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِسُلْطَانِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ○

کی شان والے لا الہ الا انت کی عزت کے طفیل، اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت

يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِمَلَكُوْتِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ○ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِجَبَرُوْتِ

کی سلطنت کے طفیل، اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت کی بادشاہت کے طفیل لا الہ الا انت

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ○ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِفَضْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

کی شان والے لا الہ الا انت کی قوت کے طفیل، اے لا الہ الا انت کی شان والے لا الہ الا انت کے فضل کے طفیل

○ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَۃِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ○ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا

اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت کی رحمت کے طفیل اے لا الٰہ الا انت کی

اَنْتَ بِمَغْفِرَۃِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ○ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِقَوْلِ

شان والے لا الٰہ الا انت کی مغفرت کے طفیل اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ○ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِحُکْمِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ

کے قول کے طفیل اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت کے حکم کے طفیل

○ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِذِکْرِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ○ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ

اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت کے ذکر کے طفیل اے لا الٰہ الا انت کی شان

بِنُوْرِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ○ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِلُطْفِ لَا اِلٰہَ

والے لا الٰہ الا انت کے نور کے طفیل اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت کے

اِلَّا اَنْتَ ○ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِعَدْلِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ○ یَا لَا

لطف کے طفیل اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت کے عدل کے طفیل

اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِصِدْقِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ○ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِقِدَمِ لَا اِلٰہَ

اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت کے صدق کے طفیل اے لا الٰہ الا انت

اِلَّا اَنْتَ ○ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِدَوَامِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ○ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ

کی شان والے لا الٰہ الا انت کی قدامت کے طفیل، اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت

بِبَقَاءِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ○ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا بَاقِیُ اَبَدًا اَدًا ئِمًا سَرْمَدًا

کے دوام کے طفیل، اے لا الٰہ الا انت کی شان والے لا الٰہ الا انت کی بقا کے طفیل اے لا الٰہ الا انت کی شان والے

قَائِمًا قَادِرًا مُّؤْمِنًا مُّهَيْمِنًا يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا كَرِيْمُ

اے ابدی دائمی سرمدی مستقل طور پر قدرت والے امان دینے والے نگہبان کے طور پر ہمیشہ رہنے والے اے اللہ نہایت مہربان

يَا حَلِيْمُ يَا عَلِيْمُ يَا عَظِيْمُ يَا قَيُّوْمُ يَا مَالِكُ يَا مُحِيْطُ يَا

اے رحم والے اے کرم والے اے حلم والے اے علم والے، اے عظمت والے اے ہمیشہ قائم رہنے والے اے مالک اے احاطہ کرنے والے

شَكُورُ يَا قَدِيمُ يَا قَدِيرُ يَا تَوَّابُ يَا نَاصِرُ يَا وَاسِعُ يَا كَافِي

اے قدر کرنیوالے اے قدیم قدرت والے، اے بہت توبہ قبول کرنیوالے اے مددگار، اے وسعت والے، اے کفایت کرنیوالے

يَا رَفِيعُ يَا شَاهِدُ يَا وَكِيلُ يَا مَتِينُ يَا وَلِيُّ يَا مُتَعَالِي

اے رفعت والے اے گواہ اے کارساز اے قدرت والے، اے دوست، اے برتر

يَا مُنْتَقِمُ يَا رَؤُفُ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اے بدلہ لینے والے، اے مہربان، اے بادشاہِ جہان عظمت و بزرگی والے

يَا مُقْسِطُ يَا جَامِعُ يَا غَنِيُّ يَا مَانِعُ يَا نُورُ يَا هَادِي يَا

اے انصاف کرنیوالے، اے جمع کرنیوالے، اے بے پروا، اے باز رکھنے والے اے روشنی دینے والے اے ہدایت دینوالے

بَدِيعُ يَا اِلٰهُ يَا وَاحِدُ يَا غَفُورُ يَا قَابِضُ يَا بَاسِطُ يَا

اے نیا پیدا کرنیوالے اے معبود اے اکیلے اے بخشنے والے، اے تنگی دینوالے اے کشادگی دینے والے

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ○ يَا هُوَ يَا وَدُودُ يَا مَجِيدُ يَا فَعَّالُ لِمَا

اے وہ (ذات) کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، اے ہُو نام والے اے بہت دوست رکھنے والے اے بزرگ

يُرِيدُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا دَيَّانُ يَا سُبْحَانُ يَا سُلْطَانُ

اے جو چاہے کرنیوالے، اے مہربان، اے بہت احسان کرنیوالے اے حساب لینے والے اے ہر طرح پاکی والے اے

يَا خَلَّاقُ يَا رَزَّاقُ يَا فَتَّاحُ يَا وَهَّابُ يَا سَرِيعَ الْحِسَابِ

سلطنت والے، اے پیدا کرنیوالے، اے رزق دینوالے، اے کھولنے والے اے بہت نوازنے والے، اے جلد حساب لینے والے

○ يَا شَدِيدُ يَا مُغِيثُ يَا فَاضِلُ يَا طَاهِرُ يَا قَاهِرُ

اے شدت والے، اے مدد فرمانیوالے، اے فضل والے، اے پاکی والے، اے قہر والے

يَا قَدِيرُ يَا لَطِيفُ يَا نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيرُ ○

اے قدرت والے، اے لطف والے، اے بہترین مولا اور بہترین مددگار

يَا حَفِيظُ يَا قَرِيبُ يَا مُجِيبُ ○ يَا صَادِقُ يَا بَاعِثُ يَا اَوَّلُ

اے بڑے نگہبان، اے نزدیک رہنے والے، اے قبول کرنیوالے اے سچائی والے، اے رسولوں کو بھیجنے والے اے اول

يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا مُبِيْنُ يَا نُوْرُ يَا قُدُّوْسُ يَا

اے آخر، اے آشکارا، اے پوشیدہ، اے روشن، اے روشنی دینے والے، اے نہایت پاک

مُنْتَقِمُ يَا عَزِيْزُ يَا جَبَّارُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ

اے بدلہ لینے والے، اے عزت والے، اے تسلط والے، اے تکبر والے، اے یکتا، اے بے نیاز کہ

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○ بِحَقِّ

نہ اسکی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی ہے (۲۱۳ھ)

هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ نَّبِيُّ اللّٰهِ وَبِحَقِّ

ان ناموں کے وسیلے سے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے نبی ہیں

اِلٰهِيَّتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَرُبُوْبِيَّتِكَ وَسُلْطَانِيَّتِكَ وَ

آپ کی اہل بیت اور آپ کے سسرال اور آپ کے انصار اور آپ کے گروہوں اور آپکے پیروکاروں

وَ مَوَالِیْہِ وَ خُدَّامِہٖ وَ حُجَّامِہٖ ○ اِلٰھِیْ اجْعَلْ

اور آپ کے ہم نشینوں اور آپ کے خادموں اور آپ کے حجاموں پر (بھی درود ہو)۔ اے

کُلَّ صَلَاتِیْ مِنْ کُلِّ ذَالِکَ تَفُوْقُ وَ تَفْضُلُ صَلَاۃَ

میرے معبود! میرے ہر درود کو ہر ایسے درود سے فوقیت اور فضیلت والا بنادے

الْمُصَلِّیْنَ عَلَیْہِ مِنْ اَہْلِ السَّمٰوٰتِ وَ اَہْلِ الْاَرْضِیْنَ

جو تمام آسمانوں اور زمینوں والوں کی طرف سے آپ پر بھیجا جاتا

اَجْمَعِیْنَ ○ کَفَضْلِہِ الَّذِیْ فَضَّلْتَہٗ عَلٰی کَافَّۃِ

ہے۔ آپ کے اس فضل کے مانند۔ جو تو نے آپ کو تیری ساری

خَلْقِکَ یَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ ○ وَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

مخلوق پر فضیلت دی ہے اے سب سے زیادہ بزرگی والے اور اے سب سے زیادہ رحم فرمانیوالے

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○ وَ تُبْ

ہمارے رب، ہم سے قبول فرما بیشک تو ہی سننے والا علم والا ہے (۲/۱۲۷) اور ہماری توبہ

عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ○

قبول فرما، بے شک تو ہی سب سے زیادہ توبہ قبول کرنے والا رحم والا ہے (۲/۱۲۸)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر درود بھیج جیساکہ تو نے

عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ

ابراہیم (علیہ السلام) اور ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر درود بھیجا، بے شک تو بڑی تعریف و بزرگی والا ہے اور

وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر برکت فرما جیساکہ تو نے ابراہیم (علیہ السلام) اور ابراہیم (علیہ السلام)

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○ وَلَا حَوْلَ وَلَا

کی آل پر برکت فرمائی، بے شک تو بڑی تعریف و بزرگی والا ہے اور گناہ سے بچنے کی طاقت

قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

اور نیکی کی قوت اللہ ہی سے ہے جو بلند مرتبہ عظمت والا ہے۔ اے اللہ بے شک میں تجھ سے

مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَ

پوری طرح نیکی مانگتا ہوں جو جلد حاصل ہونے والی اور دیر میں ملنے والی ہو جسکا مجھے علم ہو

مَا لَمْ اَعْلَمْ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ

اور جس کا مجھے علم نہیں۔ اے اللہ میں پوری طرح برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں

وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

جو جلد ہونے والی اور دیر میں ہونے والی ہو جس کا مجھے علم ہو اور جس کا مجھے علم نہیں۔ اے اللہ

مِنْ خَيْرِ مَا سَئَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

بے شک میں تجھ سے وہ نیکی مانگتا ہوں جس کو تجھ سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگا تھا

أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ

اے اللہ! بے شک میں اس برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں جس سے تیرے ہی نبی

مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ○ وَأَنْتَ الْمُسْتَعَانُ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تیری پناہ چاہی تھی۔ اور تو ہی ہے جس سے

وَعَلَيْهِ التُّكْلَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ

مدد طلب کی جائے اور اسی پر بھروسہ ہے اور گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کی قوت

الْعَظِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَ

اللہ ہی سے ہے۔ جو بلند مرتبہ عظمت والا ہے۔ اے اللہ! تو ہی میرا رب ہے۔ تیرے سوا

أَنَا عَبْدُكَ وَأَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا

کوئی معبود نہیں کہ جس نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد اور تیرے وعدے کا اتنا ہی

اسْتَطَعْتُ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ أَبُوْءُ

پابند ہوں جتنی کہ مجھ میں استطاعت ہے۔ میں اس برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ جو مجھ سے سرزد ہوئی

لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَأَبُوْءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَإِنَّهُ

مجھ پر تیری نعمتوں کے ساتھ تجھ سے رجوع ہوتا ہوں اور میرے گناہوں کے ساتھ رجوع ہوتا ہوں

لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ ○ اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ

پس تو میرے گناہ معاف کر دے کہ بے شک تیرے سوا گناہ معاف کرنے والا کوئی نہیں۔ اے اللہ بے شک ہم

صُحْبَةَ الْخَوْفِ وَدَوَامَ الْفِكْرِ وَخُلُوْصَ الْمَحَبَّةِ

تجھ سے (تیرے) خوف کا ساتھ اور فکر کی ہمیشگی اور محبت کا خلوص مانگتے ہیں۔

○ وَنَسْأَلُكَ اللّٰهُمَّ سِرَّ الْأَسْرَارِ الْمَانِعَ مِنَ

اور ہم تجھ سے اے اللہ بھیدوں کا بھید مانگتے ہیں، جو نقصانات کو

الْأَضْرَارِ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ لَنَا مَعَ الذَّنْبِ وَالْعَيْبِ قَرَارٌ ○

روکنے والا ہو، یہاں تک کہ ہمارے لیے گناہ اور عیب کے ساتھ قرار نہ ہو

وَ ثَبِّتْنَا يَا رَبَّنَا وَ اهْدِنَا لِلْعَمَلِ بِهٰذِهِ الْكَلِمَاتِ

اور اے ہمارے رب ہمیں ثابت قدم رکھ اور ان باتوں کے ساتھ جو کہ تیرے رسول

الَّتِيْ بَسَطْتَهَا عَلٰى لِسَانِ رَسُوْلِكَ ○ وَ ابْتَلَيْتَ بِهِنَّ

کی زبان مبارک پر ظاہر ہوں ان پر عمل کی ہمیں ہدایت دے، اور تو نے ان باتوں کو

اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلَكَ فَاَتَمَّهُنَّ قَالَ اِنِّيْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا

تیرے خلیل ابراھیم علیہ السلام پر آزمایا تو ان میں وہ پورے اترے، فرمایا کہ بے شک میں تجھے

قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِ الظّٰلِمِيْنَ ○ فَاجْعَلْنَا يَا رَبَّنَا

لوگوں کا امام بنانے والا ہوں عرض کی اور میری اولاد سے، فرمایا میرا عہد ظالموں کو نہیں پہنچتا۔ پس

مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ وَ نُوْحٍ وَ اَسْئَلُكَ

اے ہمارے رب ہم کو نیکی کرنے والوں سے بنا دے جو آدم و نوح علیہما السلام کی اولاد سے ہوں اور

بِنَا سَبِيْلَ اَئِمَّةِ الْمُتَّقِيْنَ ○ بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَ

ہم کو متقی اماموں کی راہ پر گامزن فرما دے، اللہ کے نام سے شروع اور اللہ کے ساتھ

مِنَ اللّٰهِ وَ اِلَى اللّٰهِ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ

اور اللہ کی جانب سے اور اللہ کی طرف اور اللہ پر ہی ایمان والے بھروسہ کرتے ہیں۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ تَوَجَّهْتُ اِلَى اللّٰهِ فَوَّضْتُ

مجھے اللہ کافی ہے، میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، میں اللہ کی طرف پلٹ گیا۔ میں نے

اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ ○ اِحْتَسَبْتُ بِاللّٰهِ ○ تَحَصَّنْتُ بِاللّٰهِ

اپنا کام اللہ کو سونپا، میں نے اللہ کے ساتھ قناعت کی، میں نے اللہ کے ساتھ اپنے کو محفوظ کرلیا

○ اِسْتَغَثْتُ بِاللّٰهِ ○ اِسْتَغْنَيْتُ بِاللّٰهِ ○ اِعْتَصَمْتُ

میں نے اللہ سے فریاد کی، میں نے اللہ سے تونگری طلب کی، میں نے اللہ سے

بِاللّٰهِ ○ اِسْتَنْصَرْتُ بِاللّٰهِ ○ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

پاکی حاصل کی، میں نے اللہ سے مدد طلب کی، گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کی قوت اللہ

الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○ (ثَلَاثَ مَرَّاتٍ) لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

ہی ہے جو بلند مرتبہ عظمت والا ہے (تین مرتبہ) تیرے سوا کوئی معبود نہیں

سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ

تو ہر طرح پاک ہے، بے شک میں ظالموں سے تھا۔ (۲۱/۸۷) اے بلند مرتبہ اے عظمت والے

یَا كَرِیْمُ یَا سَمِیْعُ یَا بَصِیْرُ یَا مُدَبِّرُ یَا حَیُّ یَا

اے کرم والے، اے سننے والے، اے دیکھنے والے، اے تدبیر والے اے ہمیشہ زندہ، اے

قَیُّوْمُ ○ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا مَنْ هُوَ هُوَ هُوَ ○ یَا

ہمیشہ قائم رہنے والے اے نہایت مہربان اے بڑے رحم والے، اے وہ ذات جسکی شان ہے ھو ھو ھو

اَوَّلُ یَا اٰخِرُ یَا ظَاهِرُ یَا بَاطِنُ تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ

اے اول اے آخر اے ظاھر اے باطن تیرے رب کا نام بڑی برکت والا ہے

ذُو الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ ○ اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا بِنُوْرِكَ اِلَیْكَ

وہ عظمت اور بزرگی والا ہے اے اللہ ہمیں تیرے نور کے ساتھ تیری طرف راہ دکھا

○ اَللّٰهُمَّ اَقِمْنَا بِصِدْقِ الْعُبُوْدِیَّةِ بَیْنَ یَدَیْكَ

اے اللہ ہمیں تیرے آگے عبودیت کی سچائی کے ساتھ قائم رکھ

○ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَلْسِنَتَنَا رَطْبَةً بِذِكْرِكَ ○ اَللّٰهُمَّ

اے اللہ ہمیں تیرے ذکر کے ساتھ رطب اللسان بنا ۔ اے اللہ

اجْعَلْ نُفُوْسَنَا مُطِیْعَةً لِاَمْرِكَ ○ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ

ہمارے نفوس کو تیرے حکم کا فرمانبردار بنا دے ۔ اے اللہ ہماری

اَرْوَاحَنَا مُكَرَّمَةً بِمُشَاهَدَتِكَ ○ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ

روحوں کو تیرے مشاھدے کے ساتھ بزرگ بنا دے ۔ اے اللہ ہمارے

اَسْرَارَنَا مُنَعَّمَةً بِقُرْبِكَ ○ وَمَزِیْدَةً لَدَیْكَ

بھیدوں کو تیرے قرب خاص سے مالامال فرما دے اور اس سے زیادہ تیری عطا ہو

يَا مَنْ لَا يَسْكُنُ قَلْبُ اِلَّا بِنُوْرِهٖ وَ اَنْوَارِهٖ ○ يَا مَنْ

اے وہ ذات کہ اس کے نور اور اس کے انوار کے سوا کوئی دل نہیں رہتا۔ اے وہ ذات

لَا يَبْقٰى وُجُوْدُ اِلَّا بِاَفْرَادِهٖ وَ اَبْرَارِهٖ ○ يَا مَنْ آنَسَ عِبَادَهُ

کہ جس کے افراد اور ابرار کے سوا کوئی وجود باقی نہیں۔ اے وہ ذات جس نے اپنے نیک

الْاَبْرَارَ ○ وَ اَوْلِيَائَهُ الْمُقَرَّبِيْنَ الْاَخْيَارَ بِمُنَاجَاتِهٖ وَ

بندوں سے اور اپنے مقرب برگزیدہ اولیاء سے اپنے مناجات اور

اَسْرَارِهٖ ○ يَا مَنْ اَمَاتَ وَ اَحْيٰى وَ اَضَلَّ وَ اَهْدٰى

اپنے بھیدوں کے ساتھ انس فرمایا۔ اے وہ ذات جس نے موت دی اور زندہ بھی کیا

وَ اَضْحَكَ وَ اَبْكٰى وَ اَسْعَدَ وَ اَشْقٰى ○ وَ اَفْقَرَ وَ

اور گمراہ کیا اور ہدایت بھی دی اور ہنسایا اور رلایا بھی اور نیک بنایا اور بدبخت بھی بنایا اور فقیر بنایا

اَغْنٰى وَ اَبْلٰى وَ عَافٰى ○ كُلُّ ذٰلِكَ بِعَظِيْمِ تَدْبِيْرِهٖ

اور غنی بھی بنایا اور بلا میں ڈالا اور معاف بھی فرمایا اس میں کی ہر بات اس کی عظیم تدبیر

وَ سَابِقِ اَقْدَارِهٖ ○ اِلٰهِىْ وَ سَيِّدِىْ وَ سَنَدِىْ اَىَّ

اور اس کے سابق اقدار کے مطابق ہے۔ اے میرے معبود اور میرے مولیٰ اور میرے سہارے

بَابٍ اَقْصُدُ غَيْرَ بَابِكَ يَا سُلْطَانَ السَّلَاطِيْنِ ○ اِلٰهِىْ

تیرے در کے سوا کون سا در ہے کہ جس پر میں اعتماد کروں، اے سلطانوں کے سلطان

وَ سَيِّدِىْ وَ سَنَدِىْ اَمْ اَىَّ جَنَابٍ اَتَوَجَّهُ اِلَيْهِ غَيْرَ

اے میرے معبود اور میرے مولیٰ اور میرے سہارے تیری بارگاہ کے سوا کونسی بارگاہ ہے جس کی جانب میں توجہ کروں

جَنَابِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○ اِلٰهِىْ وَ سَيِّدِىْ وَ

اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے اے میرے معبود اور میرے مولیٰ اور

سَنَدِىْ اَمْ اَىَّ اَعْتَابٍ اَتَشَرَّفُ بِهَا غَيْرَ اَعْتَابِكَ

میرے سہارے تیری دہلیز کے سوا کونسی دہلیز ہے جس کا میں شرف حاصل کروں

يَا سُرُوْرَ الْعَابِدِيْنَ ○ اِلٰهِىْ وَسَيِّدِىْ وَسَنَدِىْ

اے عابدوں کے سرور - اے میرے معبود اور میرے مولیٰ اور میرے سہارے

اَنْتَ الْعَلِىُّ الْعَظِيْمُ الَّذِىْ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِكَ

تو ہی بلند عظمت والا ہے کہ گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کی قوت تجھ ہی سے ہے

يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ ○ اِلٰهِىْ وَسَيِّدِىْ وَسَنَدِىْ

اے فریاد رسوں کی فریاد سننے والے - اے میرے معبود اور میرے مولیٰ اور میرے سہارے

اِلٰى مَنْ اَقْصِدُ وَاَنْتَ الْمَقْصُوْدُ يَارَبَّ الْاَرْبَابِ ○

کس پر میں اعتماد کروں جب کہ تو ہی مقصود ہے اے پالنے والوں کے پروردگار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِعَظِيْمِ قَدِيْمِ كَرِيْمِ مَكْنُوْنِ

اے اللہ بے شک میں تجھی سے مانگتا ہوں تیرے عظیم قدیم کریم پوشیدہ

مَخْزُوْنِ اَسْمَائِكَ وَبِاَنْوَاعِ اَجْنَاسِ رُقُوْمِ

سربستہ ناموں کے وسیلے اور تیرے قسم قسم کے طرح طرح کے رقم کردہ

نُقُوْشِ اَنْوَارِكَ وَبِعَزِيْزِ اِعْزَازِ عِزَّتِكَ وَ

نقش کردہ انوار کے وسیلے اور تیری عزت کے گراں قدر اعزاز کے وسیلے

بِحَوْلِ طَوْلِ جَوْلِ شَدِيْدِ قُوَّتِكَ ○ وَبِقَدَرِ

اور تیری گھری ہوئی پھیلی ہوئی ، چھائی ہوئے شدید قوت کے وسیلے اور

مِقْدَارِ اِقْتِدَارِ قُدْرَتِكَ ○ وَبِتَاْئِيْدِ تَحْمِيْدِ

تیری قدرت کے اقتدار کے اندازے کی طاقت کے وسیلے اور تیری

تَمۡجِیۡدِ عَظَمَتِكَ ○ وَبِسُمُوِّ عُلُوِّ نُمُوِّ رِفۡعَتِكَ

عظمت کی بزرگی کی تعریف کی تائید کے وسیلے، اور تیری رفعت کے جلال کی بلندی کی

وَبِقَیُّوۡمِ دَیۡمُوۡمِ دَوَامِ مُمَلَّكَتِكَ ○ وَبِرِضۡوَانِ

شوکت کے وسیلے اور تیرے قائم و دائم رہنے والے وجود کی ہمیشگی کے وسیلے۔ اور تیری مغفرت

غُفۡرَانِ اٰمَانِ مَغۡفِرَتِكَ وَبِرَفِیۡعِ بَدِیۡعِ مَنِیۡعِ

کے امان کی بخشش کی خوشنودی کے وسیلے اور تیری سطوت اور تیری سلطنت کی حیرت

سُلۡطَانِكَ وَسَطۡوَتِكَ وَبِرَهۡبُوۡتِ عَظَمُوۡتِ

کی ندرت کی سربلندی کے وسیلے اور تیرے جلال کی ہیبت کی عظمت کی قدرت

جَبَرُوۡتِ جَلَالِكَ ○ وَبِصَلَوٰاتِ سَاعَاتِ

کے وسیلے اور تیری رحمت کی وسعت فرش کی

سَعَةِ بِسَاطِ رَحۡمَتِكَ ○ وَبِلَوَامِعِ بَوَارِقِ

ساعتوں اور دعاؤں کے وسیلے اور تیری ذات کے نور کی تابانی جگمگاہٹ

صَوَاعِقِ عَجِیۡجِ هَجِیۡجِ رَهِیۡجِ وَهِیۡجِ بَهِیۡجِ نُوۡرِ

تمازت، گرج، بھڑک، لپیٹ، چمک دمک اور خوبصورتی کے

ذَاتِكَ ○ وَبِبَهۡرِ قَهۡرِ جَهۡرِ مَیۡمُوۡنِ ارۡتِبَاطِ

وسیلے، اور تیری وحدانیت کی وابستگی کے مبارک غلبے کے قہر

وَحۡدَانِیَّتِكَ ○ وَبِهَدِیۡرِ هَیَّارِ تَیَّارِ اَمۡوَاجِ بَحۡرِكَ

کے ظہور کے وسیلے، اور تیری ملکوتیت کے بحر بے کنار کی موجوں کے مدوجزر

الۡمُحِیۡطِ بِمَلَكُوۡتِكَ ○ وَبِاتِّسَاعِ انۡفِسَاحِ مَیَادِیۡنِ

اور ترنم کے وسیلے، اور تیری کرسی کے درمیانی پھیلاؤ کی گنجائش کی وسعت

بَرَازِخِ كُرۡسِیِّكَ ○ وَبِهَیۡكَلِیَّاتِ عُلُوِّیَّاتِ رُوۡحَانِیَّاتِ

کے وسیلے اور تیرے عرش کے املاک کی روحانیتوں کی رفعتوں

اَمْلَاكِ اَفْلَاكِ عَرْشِكَ ○ وَبِالْاَمْلَاكِ الرُّوْحَانِيِّيْنَ

اور تیرے آسمانوں پر درخشاں کی شوکتوں کے وسیلے ،

الْمُدِيْرِيْنَ الْكَوَاكِبَ الْمُنِيْرَةَ بِاَفْلَاكِكَ ○ وَبِحَنِيْنِ

ستاروں کے روحانی ومدیری املاک کے وسیلے اور تیرے قرب کیلئے

اَنِيْنِ تَسْكِيْنِ قُلُوْبِ الْمُرِيْدِيْنَ لِقُرْبِكَ ○ وَبِخَضَعَاتِ

تیرے ارادتمندوں کے دلوں کی تسکین کے اشتیاق واضطراب کے وسیلے اور

حَرَقَاتِ زَفَرَاتِ الْخَائِفِيْنَ مِنْ سَطْوَتِكَ ○ وَبِاٰمَالِ

تیری سطوت سے خوف کھانے والوں کی فروتنیوں کی بےتابیوں اور لمبی سانسوں کے

نَوَالِ اَقْوَالِ الْمُجْتَهِدِيْنَ فِيْ مَرْضَاتِكَ ○ وَبِتَخَضُّعِ

وسیلے اور تیری رضا حاصل کرنے والے مجتہدوں کے اقوال کی نوازشوں کی امیدوں کے وسیلے

تَقْطِيْعِ تَقَطُّعِ مَرَائِرِ الصَّابِرِيْنَ عَلٰى بَلْوَائِكَ ○ وَبِتَعَبُّدِ

اور تیری آزمائشوں پر صبر کرنے والوں کی تلخیوں کی عاجزی کی شکستگی کی پژمردگی

تَمَجُّدِ تَجَلُّدِ الْعَابِدِيْنَ عَلٰى طَاعَتِكَ ○ يَا اَوَّلُ

کے وسیلے اور تیری طاعت میں عابدوں کی عقیدت کی بزرگی کے تعبد کے وسیلے

يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا قَدِيْمُ يَا قَوِيْمُ يَا مُقِيْمُ

اے اول اے آخر اے ظاھر اے باطن اے قدیم اے راستی پر قائم

اِطْمِسْ بِطَلْسَمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اے ہمیشہ رہنے والے! بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے طلسم کے ذریعہ

شَرَّ سُوَيْدَاءِ قُلُوْبِ اَعْدَائِنَا وَاَعْدَائِكَ وَدُقَّ اَعْنَاقَ

ہمارے اور تیرے دشمنوں کی سیاہ قلبیوں کے شر کو مٹا دے

رُؤُسِ الظَّلَمَةِ

اور ظلمت کے سروں کی گردنوں کو تیری سطوت

بِسُيُوفِ نَقِمَاتِ قَهْرِكَ وَسَطْوَتِكَ وَاحْجُبْنَا

اور تیری طاقت کی دھاریوں کی تلواروں سے توڑ دے۔ اور ہم کو

بِحُجُبِكَ الْكَثِيفَةِ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ ○ عَنْ لَحَظَاتِ

تیرے کھلے ہوئے پردے سے تیری طاقت اور تیری قوت کے ذریعہ

لَمَحَاتِ لَمَعَاتِ اَبْصَارِهِمُ الضَّعِيفَةِ بِعِزَّتِكَ وَسَطْوَتِكَ

ان کی ضعیف آنکھوں کے شعلوں، لمحوں اور لحظوں کے مقابل، تیری عزت وسطوت

وَاحْجُبْنَا يَا اَللّٰهُ (ثَلَاثًا) وَصُبَّ عَلَيْنَا مِنْ اَنَابِيبِ

کے طفیل ڈھانپ دے، اے اللہ ہم کو ڈھانپ دے (تین بار) اور سعادتوں کے باغوں میں

مَيَاذِيبِ التَّوْفِيقِ فِيْ رَوْضَاتِ السَّعَادَاتِ اٰنَاءَ لَيْلِكَ

توفیق کے پرنالوں کی نالیوں تک تیری رات بھر اور تیرے دن بھر ہمیں رسائی عطا فرما

وَاَطْرَافَ نَهَارِكَ وَاغْمِسْنَا فِيْ لُحُوَاضِ سَوَاقِيْ مَسَاقِيْ

اور تیری رحمت کی اور تیری طاعت کی سرزمین کی چھوٹی بڑی نہروں کے حوضوں میں

بِرِّ بِرِّكَ وَرَحْمَتِكَ ○ وَقَيِّدْنَا بِقُيُوْدِ السَّلَامَةِ عَنِ

ہم کو تیرنا نصیب فرما۔ اور سلامتی کی قیود کا ہمیں پابند فرما دے

الْوُقُوْعِ فِيْ مَعْصِيَتِكَ يَا اَوَّلُ يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا

جب کہ تیری نافرمانی سرزد ہو۔ اے اول اے آخر اے ظاہر اے باطن اے

قَدِيْمُ يَا قَيُّوْمُ يَا مُقِيْمُ يَا مَوْلَايَ يَا قَادِرُ يَا مَوْلَايَ يَا غَافِرُ يَا لَطِيْفُ يَا خَبِيْرُ

قدیم اے راستی پر قائم اے ہمیشہ رہنے والے اے مولی اے قدرت والے اے مولی اے گناہ بخشنے والا

○ اَللّٰهُمَّ ذَهَلَتِ الْعُقُوْلُ وَانْحَصَرَتْ اَفْهَامُ الْاَبْصَارِ

اے لطف والے اے باخبر۔ اے اللہ عقلیں چکرا گئیں اور نگاہوں کی فہمیں عاجز ہو گئیں

وَحَارَتِ الْاَوْهَامُ وَبَعُدَتِ الْخَوَاطِرُ ○ وَقَصُرَتْ عَنْ

اور وہمیں خاکستر ہو گئے اور دل کے خیالات دور ہو گئے اور تیری ذات کی

اِدْرَاكِ كُنْهِ كَيْفِيَّةِ ذَاتِكَ ○ وَمَا ظَهَرَ مِنْ بَوَادِيْ

کیفیت کی اصلیت کا ادراک کرنے سے قاصر ہو گئے۔ اور جو ظاہر ہوئے

عَجَائِبِ اَنْوَاعِ اَصْنَافِ قُدْرَتِكَ دُوْنَ الْبُلُوْغِ تَلَأْلُؤُ

تیری قدرت کے طرح طرح کے قسم قسم کے عجیب و غریب جلوے تیرے ناموں کے

لَمَعَاتِ بُرُوْقِ شُرُوْقِ اَسْمَآئِكَ يَا اَللّٰهُ (ثَلٰثًا) يَا اَوَّلُ

آفتابوں کے انوار و تجلیات کی چمک دمک کے سوا اے اللہ (تین بار) اے اول

يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا قَدِيْمُ يَا قَوِيْمُ يَا نُوْرُ يَا هَادِيْ

اے آخر اے ظاہر اے باطن اے قدیم اے راستی پر قائم اے نور اے ھادی

يَا بَدِيْعُ يَا بَاقِيْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

اے ایجاد کرنے والے اے باقی اے عظمت و بزرگی والے تیرے سوا کوئی معبود نہیں

بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنَا ○

میں تیری رحمت کے ساتھ فریاد کرتا ہوں اے فریادرسوں کی فریاد سننے والے ہماری امداد فرما

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ ارْحَمْنَا ○ اَللّٰهُمَّ مُحَرِّكَ الْحَرَكَاتِ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تیری رحمت کے ساتھ ہم پر رحم فرما، اے اللہ حرکات کے محرک

وَ مُبْدِئَ نِهَايَاتِ الْغَايَاتِ ○ وَمُخْرِجَ يَنَابِيْعِ قُضْبَانِ

اور مقاصد کو انجام تک لے جانے کا آغاز فرمانے والے اور جھاڑوں کی بے آب شاخوں

قَصَبَاتِ النَّبَاتَاتِ وَ مُشَقِّقَ صُمِّ جَلَامِيْدِ الصُّخُوْرِ

کے لیے چشمے جاری فرمانے والے اور سربفلک چوٹیوں والی پہاڑی چٹانوں کی

الرَّاسِيَاتِ ○ وَ الْمُنْبِعَ مِنْهَا مَآءً مَعِيْنًا لِّلْمَخْلُوْقَاتِ

دیوار توڑنے والے اور ان سے چشمہ کی شکل میں مخلوقات کے لئے پانی نکالنے والے

وَالْمُحْيِيْ مِنْهَا سَائِرَ الْحَيْوَانَاتِ وَ النَّبَاتَاتِ وَ الْعَالِمِ بِمَا

اور اس سے تمام جانوروں اور درختوں کو تازگی بخشنے والے اور جو کچھ ان کے

اُخْتُلِجَ فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِنْ اَسْرَارِهِمْ وَ اَفْکَارِهِمْ وَ

سینوں میں خلجان ہوا اس کو، ان کے بھیدوں کو اور ان کی فکروں کو جاننے والے

فَاكِ رَمْزِ نُطْقِ اِشَارَاتِ خَفِيَّاتِ لُغَاتِ النَّمْلِ السَّارِحَاتِ

اور ان رینگتی ہوئی چیونٹیوں کی زبان میں خفیہ اشاروں میں کی جانے والی گفتگو

مَنْ سَبَّحَتْ وَ قَدَّسَتْ وَ مَجَّدَتْ وَ كَبَّرَتْ وَ حَمِدَتْ

کے راز کو واشگاف فرمانے والے جنھوں نے تسبیح کی اور پاکی بیان کی اور بزرگی اور کبریائی

لِجَلَالِ جَمَالِ كَمَالِ اِقْدَامِ اَقْوَالِ اِعْظَامِ عِزِّكَ وَ

بیان کی اور تیری عزت و جبروت کی عظمتوں کے اقوال کے اقدام کے کمال کے جمال کے جلال کی

جَبَرُوْتِكَ مَلَائِكِ سَمٰوَاتِكَ ○ اِجْعَلْنَا فِیْ هٰذَا

تیرے آسمانوں کے فرشتوں نے تعریف بیان کی ہم کو اسی سال کے دوران

الْعَامِ وَ فِیْ هٰذَا الشَّهْرِ وَ فِیْ هٰذِهِ الْجُمُعَةِ وَ فِیْ هٰذَا

اور اسی مہینے میں اور اسی جمعہ کو اور اسی دن

الْيَوْمِ وَ فِیْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَ فِیْ هٰذَا الْوَقْتِ الْمُبَارَكِ

اور اسی گھڑی اور اسی مبارک وقت میں ان لوگوں سے بنا دے جنھوں نے

مِمَّنْ دَعَاكَ فَاَجَبْتَهٗ وَ سَئَلَكَ فَاَعْطَيْتَهٗ وَ تَضَرَّعَ اِلَيْكَ

تجھ سے دعا کی اور وہ قبول ہوگئی جس نے تجھ سے مانگا اور اسے وہ عطا ہوگیا اور جس نے تیری

فَرَحِمْتَهٗ وَ اِلٰى دَارِكَ دَارِ السَّلَامِ اَدْنَيْتَهٗ بِفَضْلِكَ

جناب میں آہ و زاری کی اور اس پر رحمت ہوگئی اور تیرے گھر کی طرف جو کہ سلامتی کا گھر ہے اور اسکو تیرے فضل

يَا جَوَادُ ثَلٰثًا جُدْ عَلَيْنَا وَ عَامِلْنَا بِمَا اَنْتَ اَهْلُهٗ وَ

سے قریب بلایا گیا اور بڑے سخی داتا (تین بار) ہم پر نوازش فرما اور ہمارے ساتھ وہ کام فرما

لَا تُقَابِلْنَا بِمَا نَحْنُ اَهْلُهٗ اِنَّكَ اَنْتَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَ

جو تیرے شایان شان ہو اور ہم کو ایسی حالت کے دوچار مت فرما جس کے لائق ہم ہیں بیشک تو تقویٰ دینے والا

اَهْلُ الْمَغْفِرَةِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا اللّٰهُ (ثلثًا) يَا اَوَّلُ

اور مغفرت عطا کرنے والا ہے۔ اے سب سے زیادہ رحم فرمانیوالے اے اللہ (تین بار) اے اول

يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا قَدِيْمُ يَا قَوِيْمُ يَا مُقِيْمُ يَا نُوْرُ يَا

اے آخر اے ظاہر اے باطن اے قدیم اے راستی پر قائم اے ہمیشہ رہنے والے اے نور

هَادِىْ يَا بَدِيْعُ يَا بَاقِىْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ لَا اِلٰهَ

اے ہادی اے ایجاد کرنے والے اے باقی اے عظمت و بزرگی والے تیرے سوا کوئی

اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ نَسْتَغِيْثُ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ

معبود نہیں تیری رحمت کے ساتھ ہم فریاد کرتے ہیں اے فریاد رسوں کی فریاد سننے والے

اَغِثْنَا ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ہماری امداد فرما، تیرے سوا کوئی معبود نہیں تیری رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحمت فرمانے

اِرْحَمْنَا ○ اَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ اَنْ تُصَلِّىَ عَلٰى

والے ہم پر رحم فرما" اے اللہ میں تجھ سے فریاد کرتا ہوں کہ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر درود و سلام

وَاَنْ تَقْضِىَ حَوَائِجَنَا يَا اَللّٰهُ (ثلثًا) وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

بھیجے اور یہ کہ ہماری حاجتوں کی تکمیل فرمادے۔ اے اللہ (تین بار) اور ساری تعریف اللہ کیلئے ہے

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔

صلوٰۃ شریفۂ مبارکۃ تسمّیٰ صلوٰۃ الکوثر

مبارک درود شریف جسکا نام "درودِ کوثر" ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

اے اللہ ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور

مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا كَانَ

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود و سلام بھیج ان کی تعداد کے برابر جو ہوئے

وَعَدَدَ مَا يَكُوْنُ وَعَدَدَ مَا هُوَ كَائِنٌ فِيْ عِلْمِ

اور ان کی تعداد کے برابر جو ہوں گے اور ان کی تعداد کے برابر جو اللہ تعالیٰ

اللّٰهِ تَعَالٰى وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى رُوْحِهٖ فِي الْاَرْوَاحِ

کے علم میں ہیں اور روحوں میں آپ کی روح پر اور

وَعَلٰى جَسَدِهٖ فِي الْاَجْسَادِ وَعَلٰى قَبْرِهٖ فِي الْقُبُوْرِ

جسموں میں آپ کے جسم پر اور قبروں میں آپ کی قبر پر

وَعَلٰى اِسْمِهٖ فِي الْاَسْمَاءِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور ناموں میں آپ کے نام پاک پر درود و سلام بھیج۔ اے اللہ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْعَلَامَةِ وَالْغَمَامَةِ

ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو نشانی والے اور بدلی والے

وَالشَّفَاعَةِ وَالْكَرَامِ وَالنُّبُوَّةِ وَالرِّسَالَةِ صَلَاةً دَائِمَةً

اور شفاعت والے اور بزرگیوں والے اور نبوت والے اور رسالت والے ہیں

اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامِ ○ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

قیامت کے دن تک دائمی درود و سلام بھیج اور ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

الَّذِیْ ھُوَ اَبْھٰی مِنَ الشَّمْسِ وَ الْقَمَرِ عَدَدَ حَسَنَاتِ

پر جو آفتاب و ماہتاب سے زیادہ روشن چہرے والے ہیں ۔

اَبِیْ بَکْرٍ وَّ عُمَرَ ○ وَ عَدَدَ نَبَاتِ الْاَرْضِ وَ اَوْرَاقِ الشَّجَرِ

ابو بکر اور عمر (رضی اللہ عنہما) کی نیکیوں کی تعداد کے برابر اور زمین کے درختوں اور جھاڑ کے

○ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرَّمْلِ

پتوں کی تعداد کے برابر درود و سلام بھیج اور ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ریت، کنکر اور مٹی کے

وَ الْحَصَا وَ الْمَدَرِ ○ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

ذرات کی تعداد کے برابر درود و سلام بھیج اور ہمارے سردار محمد صلی اللہ

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ حَجَّ وَ اعْتَمَرَ ○ وَ عَدَدَ مَا طَلَعَ

علیہ وسلم) پر ان کی تعداد کے برابر جنہوں نے حج و عمرہ ادا کیا اور اس کی تعداد کے برابر

عَلَیْهِ الشَّمْسُ وَ الْقَمَرُ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

جس پر سورج اور چاند کی روشنی پڑتی ہے درود و سلام بھیج اور ہمارے سردار

مُحَمَّدِ السَّنَدِ الْاَعْظَمِ وَ السَّیِّدِ الْاَکْرَمِ ○ وَ صَلِّ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو کہ عظیم ترین سہارا اور بزرگ ترین سردار درود و سلام بھیج اور

وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمَقَامِ الْاَنْوَرِ

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر جو کہ روشن ترین مقام اور

وَ الْوَجْهِ الْاَقْمَرِ ○ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

درخشاں ترین چہرے والے ہیں درود و سلام بھیج اور

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْجَبِیْنِ الْاَزْهَرِ ○ وَ صَاحِبِ اللِّوَآءِ

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر کہ جو چمکتی پیشانی والے ہیں اور محشر میں

الْحَمْدِ فِی الْمَحْشَرِ وَ التَّاجِ وَ الْمِغْفَرِ ○ وَ صَلِّ وَ

حمد کے جھنڈے والے اور تاج والے اور بخشوانے والے ہیں درود بھیج اور

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْحَوْضِ وَ الْکَوْثَرِ

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جو حوض کوثر اور

وَ الْمِحْرَابِ وَ الْمِنْبَرِ عَدَدَ الرَّمْلِ وَ قَطْرِ الْمَطَرِ ○ وَ

محراب و منبر والے ہیں، ریت کے ذروں اور بارش کے قطروں کی تعداد کے برابر

عَدَدَ مُعْجِزَاتِهِ الَّتِیْ لَا یُحْصٰی ○ وَ هُوَ النَّبِیُّ الْمُفْتَخَرُ

اور آپ کے معجزوں کی تعداد کے برابر جن کا احاطہ ہی ممکن نہیں درود وسلام بھیج اور وہ

وَ سَلِّمْ تَسْلِیْمًا ○

قابل فخر نبی ہیں اور خوب سلام بھیج

صلوٰۃ الثقلین

درود ثقلین

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع نہایت مہربان رحم والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا

اے اللہ ہمارے سردار اور ہمارے آقا اور

وَ مَوْلَی الثَّقَلَیْنِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْمَلٰئِکَةِ صَفًّا صَفًّا

دو عالم کے آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ایک ایک صف میں فرشتوں کی تعداد کے برابر

○ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا وَ مَوْلَی

درود وسلام بھیج اور ہمارے سردار اور ہمارے آقا اور

الْعَالَمِيْنَ مُحَمَّدٍ عَدَدَ اٰيَاتِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا

دوجہاں کے آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر قرآن میں ایک ایک حرف کی تعداد کے برابر

○ وَعَلٰى اٰلِهِ الْكِرَامِ وَاَصْحَابِ الْعِظَامِ ○ وَسَادَاتِهِ

اور آپ کی بزرگ آل اور عظمت والے صحابہ پر اور آپ کی عالی مرتبت

الْفِخَامِ ○ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا (بسملة) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

سادات پر درود وسلام بھیج اور خوب سلام بھیج بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اے اللہ ہمارے سردار

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو تیرے بندے اور تیرے رسول نبی امی ہے اور آپ کی

اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ثَلَاثًا (بسملة) اَللّٰهُمَّ صَلِّ

آل اور اصحاب پر درود وسلام بھیج (تین بار) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اے اللہ

وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى عَيْنِ الْعِنَايَةِ وَكَنْزِ الْهِدَايَةِ

عنایت کے سرچشمہ اور ہدایت کے خزانہ اور

○ وَطِرَازِ الْحُلَّةِ وَعَرُوْسِ الْمَمْلَكَةِ وَلِسَانِ الْحُجَّةِ

خلعت کے نقش ونگار اور مملکت کے مسند نشین اور حجت کی زبان والے

وَشَفِيْعِ الْاُمَّةِ وَاِمَامِ الْحَضْرَتِ وَنَبِيِّ الْاُمَّةِ

اور امت کی شفاعت فرمانے والے اور بارگاہ الٰہی میں امام اور امت کے نبی

سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰدَمَ وَنُوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ

ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آدم اور نوح اور ابراہیم

الْخَلِيْلِ وَعَلٰى مُوْسَى الْكَلِيْمِ وَعَلٰى رُوْحِ اللّٰهِ عِيْسٰى

خلیل (علیہم السلام) اور موسیٰ کلیم (علیہ السلام) اور روح اللہ عیسیٰ امین

الْاَمِيْنِ ○ وَعَلٰى دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ وَزَكَرِيَّا

(علیہ السلام) پر " اور داؤد اور سلیمان اور زکریا اور

وَ يَحْيٰى وَ عَلٰى اٰلِهِمْ وَ صَحْبِهِمْ اَجْمَعِيْنَ

یحییٰ (علیہم السلام) اور جملہ ان کی آل اور ان کے اصحاب پر درود و سلام اور برکت بھیج

○ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

مُحَمَّدِ الَّذِىْ جَمَعْتَ بِهٖ شَتَّاتَ النُّفُوْسِ ○ وَ

کہ جن کے وسیلے سے تو نے پراگندہ انسانوں کو ایک جگہ جمع فرمایا اور

نَبِيِّكَ الَّذِىْ جَلَيْتَ بِهٖ ظَلَامَ الْقُلُوْبِ ○ وَ حَبِيْبِكَ

تیرے وہ نبی جن کے وسیلے تو نے ظلمت بھرے دلوں کو روشن فرما دیا اور تیرے وہ حبیب

الَّذِى اخْتَرْتَهٗ عَلٰى كُلِّ حَبِيْبٍ ○ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ

جن کو تو نے تمام دوستوں میں پسند فرمایا۔ درود و سلام بھیج اور

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ جَآءَنَا بِالْحَقِّ الْمُبِيْنِ وَ

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جو ہمارے پاس روشن صداقت کے ساتھ تشریف

اَرْسَلْتَهٗ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ ○ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ

لائے اور جن کو تو نے سارے جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا درود و سلام بھیج ۔ اور

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا يَنْبَغِىْ لِشَرَفِ نُبُوَّتِهٖ وَ

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر وہ درود و سلام بھیج جو آپ کی نبوت کے شرف کے

لِعَظِيْمِ قَدْرِهِ الْعَظِيْمِ ○ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى

اور آپ کے بڑے مرتبہ کی عظمت کے شایان شان ہو اور ہمارے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الرَّسُوْلِ الْكَرِيْمِ الْمُطَاعِ الْاَمِيْنِ

سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جو رسولوں میں کرم والے ہیں مقتدا ہیں امانت والے ہیں

○ وَ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْحَبِيْبِ

اور ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جو حبیب ہیں ان پر اور

وَعَلٰی اَبِیْہِ اِبْرَاھِیْمَ الْخَلِیْلِ وَعَلٰی اَخِیْہِ مُوْسٰی الْکَلِیْمِ

آپ کے دادا ابراہیم خلیل (علیہ السلام) پر اور آپ کے بھائی موسیٰ کلیم (علیہ السلام) پر

○ وَعَلٰی رُوْحِ اللّٰہِ عِیْسَی الْاَمِیْنِ ○ وَعَلٰی

اور روح اللہ عیسیٰ امین (علیہ السلام) پر اور

عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ سُلَیْمَانَ وَعَلٰی اَبِیْہِ دَاوٗدَ وَ

تیرے بندے اور تیرے نبی سلیمان (علیہ السلام) اور ان کے والد داؤد (علیہ السلام)

عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ ○ وَعَلٰی اَھْلِ

پر اور تمام نبیوں اور رسولوں پر اور آسمانوں اور زمین والوں میں تیرے

طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ مِنْ اَھْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِیْنَ

تمام فرمانبرداروں پر درود و سلام بھیج

○ فَارْحَمْنَا بِھِمْ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

پس ہم کو ان کے طفیل رحم فرما! اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے۔ اے اللہ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ عَدَدَ مَا

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر جو نبی اُمّی ہیں۔

فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا وَاَجْرِ

آسمانوں اور زمین میں اور ان دونوں کے مابین جو کچھ ہیں ان کی تعداد کے برابر

لُطْفَکَ فِیْ اُمُوْرِنَا وَالْمُسْلِمِیْنَ اَجْمَعِیْنَ (بسملہ)

درود وسلام بھیج اور ہمارے اور تمام مسلمانوں کے کاموں میں تیرا لطف شامل حال فرما بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ

اے اللہ! درود وسلام بھیج ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

لِلْخَلْقِ نُوْرُہٗ وَرَحْمَۃٌ لِّلْعَالَمِیْنَ ظُھُوْرُہٗ عَدَدَ مَنْ مَّضٰی

جن کا نور پاک خلقت کے لئے اولین ہے اور جن کا ظہور سارے جہانوں کے لئے رحمت ہے۔ تیری

مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ بَقِيَ وَمَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِيَ

اس مخلوق میں جو گزر گئے اور جو باقی ہیں اور ان میں جو نیک بخت ہوے اور جو بد بخت ہوے ان کی تعداد

صَلَاةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِيطُ بِالْحَدِّ صَلَاةً لَا

کے برابر درود و سلام بھیج ایسا درود کہ جو تعداد کو گھیر لے اور حد کا احاطہ کرے، ایسا درود کہ

غَايَةَ لَهَا وَلَا مُنْتَهٰى وَلَا انْقِضَاءَ صَلَاةً دَائِمَةً

اس کے لئے نہ غایت ہو نہ انتہا اور نہ تکمیل، ایسا درود کہ تیری ہمیشگی کے ساتھ ہمیشہ رہے

بِدَوَامِكَ بَاقِيَةً بِبَقَائِكَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

تیری بقا کے ساتھ باقی رہے اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر بھی درود و سلام بھیج

تَسْلِيمًا مِثْلَ ذٰلِكَ ○

صلوٰة الرزق

درودِ رزق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَ

اے اللہ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر

سَلِّمْ اَللّٰهُمَّ سَخِّرْ لِيْ اَمْرَ الرِّزْقِ وَاعْصِمْنِيْ مِنَ

درود و سلام بھیج، اے اللہ! رزق کے کام کو میرے لئے قابو میں فرما دے

الْحِرْصِ وَالطَّلَبِ فِيْ طَلَبِهٖ وَمِنْ كَثْرَتِهٖ ○ اَللّٰهُمَّ

اور مجھے لالچ اور اس کی طلب میں تلاش سے اور اس کی زیادتی سے محفوظ رکھ، اے اللہ!

رَبَّهٗ وَمِنَ الذُّلِّ لِلْخَلْقِ بِسَبَبِهٖ وَمِنَ التَّفَكُّرِ وَ

اس کا انتظام فرما اور اس کے سبب سے مخلوق کے لئے ذلت سے اور اس کے حاصل کرنے میں

التَّدْبِيْرِ فِيْ تَحْصِيْلِهٖ وَالشُّحِّ وَالْبُخْلِ بَعْدَ حُصُوْلِهٖ

فکر و تدبیر اور اس کے حاصل کرنے کے بعد کنجوسی اور بخل سے (محفوظ رکھ)

○ وَاجْعَلْهُ سَبَبًا لِّاِقَامَتِهِ الْعُبُوْدِيَّةِ وَمُشَاهَدَةِ

اور اس (رزق) کو بندگی قائم کرنے اور احکام پر نظر رکھنے کا

اَحْكَامِ ○ اَللّٰهُمَّ تَوَلَّ اَمْرِيْ بِذَاتِكَ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ

سبب بنا، اے اللہ میرا معاملہ تیری ذات پاک کے سپرد ہے اور میں پلک جھپکنے کے وقت

طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَا اِلٰى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ وَاهْدِنِيْ اِلٰى

تک بھی نہ اپنے نفس پر اور نہ ہی تیری مخلوق میں سے کسی پر بھروسہ کرتا ہوں اور مجھے

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي

سیدھا راستہ چلا ۔ راستہ اس اللہ (تعالیٰ) کی ذات کا کہ آسمانوں میں

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ

اور زمین میں موجود سب کچھ اسی کا ہے ، معاملات سب اسی کی طرف لوٹتے ہیں ۔

○ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ ○ ثَلٰثًا (بَسْمَلَهٗ) ○ فَلَآ اُقْسِمُ

اللہ (تعالیٰ) کی پاکی (بیان کرتا ہوں) جو عظمت والا (تین بار) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پس مجھے

بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ○ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ○

ان جگہوں کی قسم ہے جہاں تارے ڈوبتے ہیں اور تم سمجھو تو بے شک یہ بڑی قسم ہے

اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ○ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ○ لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ

بے شک یہ عزت والا قرآن محفوظ نوشتہ میں ہے ، اسے فقط باوضو چھوئیں

○ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ

سارے جہانوں کے رب کا اتارا ہوا ہے ($\frac{٥٦}{٨٠ تا ٧٥}$) تو کیا اس بات سے تم

تَعْجَبُوْنَ ○ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ○ وَاَنْتُمْ

تعجب کرتے ہو ، اور ہنستے ہو اور روتے نہیں اور تم

سَامِدُوْنَ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ۝ السجدة (ثلاثًا) بسمله

کھیل میں پڑے ہو تو اللہ (تعالیٰ) کے لئے سجدہ اور اس کی بندگی کرو (۳ بار) ۵۳ (۵۹ تا ۶۲) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

اے اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر جو تیرے بندے اور تیرے رسول نبیٔ امی ہیں

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

اور آپ کی آل اور اصحاب پر درود و سلام بھیج، اے اللہ! بے شک میں تجھ سے مانگتا ہوں

بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ

تیرے عرش کی عزت کے عہدوں کے وسیلے اور تیری کتاب کی رحمت کی انتہا کے وسیلے

كِتَابِكَ وَبِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ ۝ وَجَدِّكَ الْاَعْلٰى وَ

اور تیرے سب سے بڑے نام کے وسیلے، اور تیری بلند بزرگی اور

بِكَلِمَاتِكَ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ ۝ اَنْ تُصَلِّيَ

تیرے ان تمام کلموں کے وسیلے جو کہ ناقابل نظر انداز ہیں، یہ کہ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آپ کی آل اور اصحاب پر درود و سلام بھیجے

۝ وَاَنْ تُعْطِيَنِيْ رِزْقًا حَلَالًا طَيِّبًا غَيْرَ مَطْلُوْبٍ وَ

اور یہ کہ مجھے طلب کئے بغیر حلال اور پاک رزق عطا کرے اور

غَالِبًا غَيْرَ مَغْلُوْبٍ ۝ يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ وَيَا

جو مغلوب ہوئے بغیر غالب ہو، اے مغفرت میں فراخی والے اور اے

رَازِقَ الْمُقِلِّيْنَ ۝ وَيَا نَاصِرَ الْعَاجِزِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنْ

ناداروں کو رزق عطا کرنے والے، اور اے عاجزوں کی مدد کرنے والے، اے اللہ

كَانَ رِزْقِيْ فِي السَّمَاءِ فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ كَانَ فِي الْاَرْضِ

اگر میرا رزق آسمان میں ہے تو اسے نازل فرما، اور اگر زمین میں ہو تو اسے

فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ كَانَ بَعِيْدًا فَقَرِّبْهُ وَاِنْ كَانَ

باہر نکال دے، اور اگر دور ہو تو اسے قریب لا دے، اور اگر

عَسِيْرًا فَسَهِّلْهُ ○ وَاِنْ كَانَ قَلِيْلًا فَكَثِّرْهُ ○

دشوار ہو تو اسے آسان فرما دے، اور اگر کم ہو تو اسے زیادہ کر دے

وَاِنْ كَانَ كَثِيْرًا فَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ ○ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ

اور اگر زیادہ ہو تو اس میں برکت عطا فرما، اے اللہ! اوپر کے ہاتھ

يَدَ الْعُلْيَا بِالْعَطَاءِ وَلَا تَجْعَلْ يَدَ السُّفْلٰى بِالْاِسْتِعْطَاءِ

کو عطا سے مالا مال فرما دے، اور نیچے کے ہاتھ کو تکلیف دہ مت بنا

يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ يَا عَلِيْمُ "ثَلٰثًا" اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

اے کھولنے والے، اے رزق دینے والے، اے علم والے (تین بار) اے اللہ بے شک میں

مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ مِنْ خَيْرِكَ الْجَسِيْمِ الْعَمِيْمِ ○

تجھ سے تیرا عظیم فضل، تیری بے پناہ عام بھلائی مانگتا ہوں۔

اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمْ ○

یہ کہ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آپ کی آل و اصحاب پر درود و سلام

وَاَنْ تَجْعَلَ لِيْ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ مِنْ كُلِّ هَمٍّ وَّغَمٍّ فَرَجًا

بھیجے اور یہ کہ میرے اور مسلمانوں کے لئے ہر رنج و غم کو دور فرمائے

وَمِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَخْرَجًا ○ وَمِنْ فَاحِشَةٍ سِرًّا وَ

اور ہر تنگی سے نجات دلائے اور برائی سے محفوظ رکھے

اِلٰى خَيْرٍ سَبِيْلًا وَاَنْ تُوَفِّقَنِيْ عَلٰى دِيْنِيْ وَتُهَوِّنَ عَلٰى

اور نیکی کی طرف راستہ دکھلائے اور یہ کہ مجھے اپنے دین سے وفادار بنائے اور

مَا اَخَافُ عُسْرَهٗ مِنْ اُمُوْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ

دنیا و آخرت کے امور میں اس کی تنگی سے بچائے جس سے کہ میں خوف کھاتا ہوں، بے شک تو

عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○ یَا نِعْمَ الْمَوْلٰی وَیَا نِعْمَ النَّصِیْرُ

ہر چیز پر قادر ہے (۳/۲۶) اے بہترین مولیٰ اور اے بہترین مدد فرمانے والے

غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ

تیری معافی چاہیئے اے ہمارے رب! اور تیری طرف پھرنا ہے (۲/۲۸۵) ۔ ہم کو اللہ ہی کافی ہے اور بہترین

الْوَکِیْلُ ○ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ

کارساز ہے (۳/۱۷۳) ۔ اور گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کی قوت اللہ ہی سے ہے جو بلند مرتبہ

الْعَظِیْمِ ○ (بسملہ) اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مَنْ

عظمت والا ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اے اللہ! اس ذات پر درود وسلام بھیج

فَضَّلْتَہٗ عَلٰی جَمِیْعِ مَخْلُوْقَاتِکَ وَکَرَّمْتَہٗ عَلٰی

جنہیں تیری تمام مخلوقات میں تو نے فضیلت عطا کی اور جنہیں تیری ساری

عُمُوْمِ مَوْجُوْدَاتِکَ ○ وَخَصَّصْتَہٗ بِالْمَقَامِ الْمَحْبُوْبِیَّۃِ

موجودات پر تو نے بزرگی عطا کی اور جنہیں تو نے محبوبیت کے مقام کے ساتھ خصوصیت

وَبَعَثْتَہٗ اِلٰی کَافَّۃِ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ الْقَسِیْمِ الْوَسِیْمِ

عطا کی اور جنہیں تو نے سارے انسانوں اور جنوں کی طرف بھیجا جو تقسیم کرنے والے خوبصورت

النَّبِیِّ الْکَرِیْمِ سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَاِمَامِہِمْ وَ

کرم والے نبی ہیں، نبیوں اور رسولوں کے سردار ہیں اور ان کے امام اور

مُقَدَّمِہِمْ وَتَمَامِہِمْ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ اَوْلَاہُ

ان کے مقتدا اور ان کا کمال ہیں، ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کہ کسی وجود کا اولیٰ

مَوْلَاہُ الْوُجُوْدَ بِاَسْرِھَا ○ وَاَبَاحَہُ الْاَسْرَارَ فِی

و مولیٰ ہونا آپ ہی کی بدولت ہے، اور آپ کو معراج میں بھیدوں سے نوازا

الْاِسْرَاءِ ○ وَاَمَدَّہٗ مِنْہُ نَیْلَ طَائِلٍ مَالَہٗ

اور آپ پر اعلیٰ فضیلت کو وسیع فرمایا کہ جو

اَحَدٌ فِی الْاَنْبِیَاءِ ○ شَمْسُ الْمَعَارِفِ قَمَرُ الْعَوَارِفِ کَنْزُ اللَّطَائِفِ بَحْرُ

نبیوں میں سے کسی کے بھی حصے میں نہیں آئی ، معارف کے آفتاب اور عوارف کے ماہتاب لطائف

الْعُلُوْمِ ○ وَ مَطْلَبُ الْفُهُوْمِ ○ وَ اَرْسُ رُبُوْعِ

کا خزانہ اور علوم کا سمندر ہیں اور فہموں کا مطلب ہیں اور گمراہی کے ماحول کو

الضَّلَالِ ○ مَاحِیْ شَرِیْعَۃِ اَهْلِ الْمُحَالِ سَیِّدُ

پاکیزہ بنانے والے ہیں ، فرسودہ لوگوں کی شریعت کو مٹانے والے ہیں

الْبَطْحَاءِ وَ الزَّمْزَمِ وَ الصَّفَا ○ نَبِیُّ اللّٰهِ وَحَبِیْبُهٗ

بطحا اور زمزم اور صفا کے سردار ہیں ، اللہ کے نبی اور اس کے حبیب

وَ صَفِیُّهٗ وَخَلِیْلُهٗ وَ نَجِیُّهٗ وَعَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ○

اور اس کے صفی اور اس کے خلیل اور اس کے نجی اور اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں

اَحْسَنُ النَّاسِ خَلْقًا وَ اَعْظَمُهُمْ خُلُقًا وَ اَبْسَطُهُمْ کَنًّا وَ

خلقت میں سب سے بہتر اور اخلاق میں سب سے عظیم اور دستگیری میں سب سے فراخ

اَکْثَرُهُمْ جِدًّا ○ وَ اَوْفَرُهُمْ عَقْلًا وَ اَجْمَلُهُمْ

اور بزرگی میں سب سے زیادہ اور عقل میں سب سے زیادہ اور صورت میں سب سے زیادہ جمیل

شَکْلًا وَ اَوْضَحُهُمْ قَوْلًا وَ اَعَزُّهُمْ حَیَاءً وَ اَبْهَجُهُمْ

اور قول میں سب سے زیادہ واضح اور حیا میں سب سے زیادہ عزت والے اور شکل میں سب سے زیادہ

شَکْلًا وَ اَصْدَقُهُمْ نَقْلًا ○ وَ اَصْبَرُهُمْ فِیْ طَاعَۃِ اللّٰهِ

مسرور کن اور نقل میں سب سے زیادہ سچے ، اللہ کی اطاعت میں سب سے زیادہ صبر کرنے والے

وَ اَزْکَاهُمْ فَرْعًا وَ اَطْیَبُهُمْ اَصْلًا ○ اَلْبَدْرُ الطَّالِعُ

اور فرع میں سب سے زیادہ ستھرے اور اصل میں سب سے زیادہ پاکیزہ ہیں نکلتے ہوئے چودھویں رات کے

وَ الضِّیَاءُ اللَّامِعُ نُزْهَۃُ النُّفُوْسِ رَیْحَانُ الْقُلُوْبِ

چاند ہیں اور چمکتی ہوئی روشنی ہیں ، جانوں کی پاکیزگی ہیں ، دلوں کی خوشبو ہیں

○ حَبِيْبُ اللّٰہِ رَسُوْلُ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ قَائِدُ الْغُرِّ

اللہ کے حبیب ہیں، سارے جہانوں کے رب کے رسول ہیں، چمکتی پیشانی اور ہاتھ پاؤں والوں

الْمُحَجَّلِیْنَ ○ خَادِمُ جِبْرِیْلَ الْاَمِیْنِ سَیِّدُ الْاَنْبِیَاءِ

کو بہشت میں لے جانے والے ہیں، جبرئیل امین جن کے خادم ہیں، نبیوں کے سردار

وَخَاتِمُھُمْ بِالتَّعْظِیْمِ وَالتَّکْرِیْمِ ○ وَعَلَیْھِمْ

اور ان کے خادم، بالتعظیم وبالتکریم ہیں اور تیرے پاس آپ کی قدر

حَقًّا لَّہُ التَّقْدِیْمُ بِقَدْرِہٖ عِنْدَکَ تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ ○

کی بدولت آپ کو ان پر تقدیم کا حق ہے، ہم کو مسلمانوں جیسی موت دے

(بسملۃ) ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، اے اللہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج

وَھَبْ لَنَا اللّٰھُمَّ مِنْ رِّزْقِکَ الْحَلَالِ الطَّیِّبِ الْمُبَارَکِ

اے اللہ ہم کو تیری رزق عطا فرما جو کہ حلال ہو، پاک ہو، برکت والی ہو

مَا تَصُوْنُ بِہٖ وُجُوْھَنَا عَنِ التَّعَرُّضِ اِلٰی اَحَدٍ مِّنْ

جس کی بدولت ہمارے چہرے تیری مخلوق سے کسی کی بھی

خَلْقِکَ ○ وَاجْعَلْ لَّنَا اللّٰھُمَّ اِلَیْہِ طَرِیْقًا سَھْلًا ○

مداخلت سے محفوظ رہیں اور اے اللہ ہمارے لئے اس کی جانب آسان راستہ بنا دے

مِنْ غَیْرِ تَعَبٍ وَّلَا نَصَبٍ وَّلَا مِنَّۃٍ وَّلَا بُغْیَۃٍ ○

جس میں نہ مشقت ہو اور نہ تھکن ہو نہ احسان ہو اور نہ حاجت ہو

وَجَنِّبْنَا اللّٰھُمَّ الْحَرَامَ حَیْثُ کَانَ وَاَیْنَ کَانَ وَ

اور اے اللہ جتنا بھی ہو سکے اور جہاں بھی ہو سکے اور جس کے پاس بھی ہو سکے

عِنْدَ مَنْ کَانَ ○ وَحُلْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ اَھْلِہٖ وَاقْبِضْ

ہم کو حرام سے دور رکھ ہمارے اور ہماری اہل کے درمیان معاملات کی یکسوئی فرمادے

عَنَّا اَيْدِيَهُمْ وَاصْرِفْ عَنَّا قُلُوْبَهُمْ حَتّٰى لَا نَتَقَلَّبَ

اور ان پر ہمیں قابو دے اور ان کے دلوں پر ہمیں غلبہ دے۔ حتیٰ کہ

اِلَّا فِيْمَا يُرْضِيْكَ وَلَا نَسْتَعِيْنَ بِنِعْمَتِكَ اِلَّا عَلٰى

ہم وہی تصرف کریں جس میں تیری ہی خوشنودی ہو اور ہم تیری اسی نعمت سے مدد طلب کریں

مَا تُحِبُّ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○ (بسملہ) اَللّٰهُمَّ

جس کو تو پسند کرتا ہے، اے سب سے زیادہ رحم والے ’بسم اللہ الرحمٰن الرحیم‘ اے اللہ!

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر جتنے

مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ مِنَ الْاَخْيَارِ ○ وَعَدَدَ مَنْ لَّمْ

نیک لوگوں نے آپ پر درود بھیجا ان کی تعداد کے برابر اور آپ پر جتنے شریر لوگوں نے

يُصَلِّ عَلَيْهِ مِنَ الْاَشْرَارِ ○ وَعَدَدَ نَبَاتِ الْاَشْجَارِ ○

درود نہیں بھیجا ان کی تعداد کے برابر اور اگنے والے درختوں کی تعداد کے برابر درود بھیج

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَحْصَاءِ

اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر کنکروں اور مٹی کے ذروں

وَالْاَمْدَارِ ○ وَعَدَدَ قَطَرَاتِ الْاَمْطَارِ ○ وَعَدَدَ

کی تعداد کے برابر اور بارش کے قطروں کی تعداد کے برابر اور جو جو ہوا

مَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ اِلٰى يَوْمِ الْحَشْرِ وَالْقَرَارِ ○ وَ

اور جو جو حشر و قرار کے دن تک ہونے والا ہے اس کی تعداد کے برابر، اور

عَدَدَ اَنْفَاسِ الْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْاَسْحَارِ ○ وَ

صبح صادق ہوتے ہی مغفرت طلب کرنے والوں کی سانسوں کی تعداد کے برابر درود بھیج

صَلِّ عَلَيْهِ مَا تَعَاقَبَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ ○

اور جب تک رات اور دن ایک دوسرے کے پیچھے آتے رہیں گے آپ پر درود بھیج

وَصَلِّ عَلَيْهِ عَدَدَ كَلِمَاتِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَ

اور آپ پر تیرے کلموں کی تعداد کے برابر اور تیرے عرش کے وزن کے برابر

مَبْلَغَ عِلْمِكَ يَا عَزِيزُ يَا غَفَّارُ (ثَلٰثًا) وَصَلِّ

اور علم کی مقدار کے برابر درود بھیج اے عزت والے اے بہت بخشنے والے (تین بار) اور آپ پر

عَلَيْهِ عَدَدَ الرِّمَالِ فِى الْقِفَارِ ○ وَعَدَدَ أَمْوَاجِ

ریگستانوں میں ریت کی تعداد کے برابر اور سمندروں کی موجوں کی تعداد

الْبِحَارِ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا أَمَرْتَ

کے برابر درود بھیج اور ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود بھیج جیسا کہ تونے حکم دیا

أَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ وَكَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى ○ وَصَلِّ عَلَيْهِ

کہ آپ پر درود بھیجیں جس سے کہ تو محبت کرتا اور خوش ہوتا ہے اور آپ پر

كَمَا يَنْبَغِى الصَّلٰوةُ عَلَيْهِ ○ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

جیسا کہ درود بھیجا جانا چاہئے، ویسا درود بھیج اور ہمارے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَعَلٰى جَمِيعِ

سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب پر اور تمام

الْأَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ○ وَعَلٰى مَلٰئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ

نبیوں اور رسولوں پر اور تیرے مقرب فرشتوں پر

○ وَعَلٰى أَهْلِ طَاعَتِكَ أَجْمَعِيْنَ مِنْ أَهْلِ السَّمٰوٰتِ

اور تیرے تمام اطاعت گزاروں پر اور آسمانوں اور زمینوں

وَالْأَرَضِيْنَ وَرَضِىَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى عَنْ سَادَاتِنَا

اور رہنے والے تیرے ان تمام اطاعت گزاروں پر جن سے اللہ تبارک وتعالیٰ راضی ہو درود وسلام بھیج

وَمَوَالِيْنَا وَقُرَّةِ أَعْيُنِنَا أَبِىْ بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ

ہمارے سرداروں اور ہمارے آقاؤں اور ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک ابوبکر اور عمر اور عثمان

وَعَلِیٍّ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ ○ وَالْحَمْزَةَ وَ

اور علی اور حسن اور حسین اور حمزہ اور

الْعَبَّاسِ وَطَلْحَةَ وَزُبَیْرٍ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ

عباس اور طلحہ اور زبیر اور عبدالرحمن بن عوف

○ وَاَبِیْ عُبَیْدَةَ عَمْرٍو ابْنِ جَرَّاحٍ وَسَعْدٍ وَ

اور ابو عبیدہ، عمر بن جراح اور سعد

سَعِیْدٍ وَعَنْ فَاطِمَةَ ○ وَعَنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ

اور سعید (رضی اللہ عنہم) اور فاطمہ (رضی اللہ عنہا)

اللّٰہِ عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ ○ وَعَنِ الْمُھَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ

اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے تمام صحابہ اور مہاجرین اور انصار

○ وَالْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ الْاَخْیَارِ ○ وَتَبَعِ التَّابِعِیْنَ

اور برگزیدہ خلفائے راشدین اور تبع تابعین پر (درود و سلام بھیج)

لَھُمْ بِاِحْسَانٍ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ رِضْوَانُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ ○

کہ جن کے لئے قیامت تک احسان ہے، ان سب پر اللہ تعالیٰ کی خوشنودی ہے

ھٰذِہِ الصَّلٰوةُ الشَّرِیْفَةُ مَنْ قَرَاَھَا فِی الصَّبَاحِ وَالْمَسَاءِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ

اس درود شریف کو جس نے بھی صبح اور شام تین بار پڑھا تو گویا اس نے رسول اللہ

فَكَاَنَّمَا قَرَاَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ ثَلٰثِیْنَ اَلْفَ صَلٰوةٍ وَاُعْطِیَ ثَوَابَھَا عَلٰی قِرَاءَتِھَا

(صلی اللہ علیہ وسلم) پر تیس ہزار بار درود پڑھا اور اس کے پڑھنے پر اس کے برابر ثواب عطا ہوا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ كُلَّمَا اخْتَلَفَ

اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آپ کی آل پر درود بھیج جب تک

الْمَلَوَانِ ○ وَتَعَاقَبَ الْعَصْرَانِ ○ وَكَرَّرَ الْجَدِيْدَانِ

دن رات بدلتے رہیں اور دونوں زمانے ایک دوسرے کے پیچھے ہوتے رہیں اور دن رات بار بار

وَاسْتَقْبَلَ الْفَرْقَدَانِ وَبَلِّغْ رُوْحَهُ وَ اَرْوَاحَ اَهْلِ

آتے رہیں اور دونوں قطبی ستارے نمودار ہوتے رہیں اور آپ کی روح کو اور آپ کی اہل بیت کی

بَيْتِهٖ مِنَّا التَّحِيَّةَ وَ السَّلَامَ ○ وَارْحَمْ وَ بَارِكْ وَ سَلِّمْ

روحوں کو ہماری جانب سے تحیت وسلام پہنچا اور یوم حشر و قرار تک آپ پر زیادہ

عَلَيْهِ كَثِيْرًا كَثِيْرًا اِلٰى يَوْمِ الْحَشْرِ وَ الْقَرَارِ ○

سے زیادہ رحمت ، برکت اور سلام فرما۔

(مَنْ قَرَأَ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَكَاَنَّمَا قَرَأَهَا مِائَةَ اَلْفِ مَرَّةٍ)

(اس درود کو جس نے تین بار پڑھا تو گویا اس نے ایک لاکھ بار درود پڑھا)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ اَسْرَارِكَ

اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج جو تیرے انوار کے سمندر اور تیرے بھیدوں کی کان ہیں

وَعَيْنِ عِنَايَتِكَ وَشَمْسِ هِدَايَتِكَ ○ وَعَرُوْسِ

اور تیری عنایت کا چشمہ اور تیری ہدایت کا آفتاب اور تیری مملکت

مَمْلَكَتِكَ وَاَمْنِ وِلَايَتِكَ وَ لِسَانِ مَحَبَّتِكَ وَ اِمَامِ

کے مسند نشیں اور تیری ولایت کا امن اور تیری محبت کی زبان اور تیری بارگاہ

حَضْرَتِكَ ○ وَخَيْرِ خَلْقِكَ وَ اَحَبِّ الْخَلْقِ اِلَيْكَ

کے امام ہیں اور تیری مخلوق میں سب سے بہتر اور مخلوق میں تجھ کو سب سے زیادہ محبوب

عَبْدِكَ وَ حَبِيْبِكَ وَ رَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ

تیرے بندے اور تیرے حبیب اور تیرے رسول نبی امی ہیں جن پر

خَتَمْتَ بِهِ الْاَنْبِيَاءَ وَ الْمُرْسَلِيْنَ ○ وَعَلٰى مَلٰئِكَتِكَ

تو نے نبیوں اور رسولوں کو ختم فرمایا اور تیرے مقرب

الْمُقَرَّبِيْنَ ○ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَ اَهْلِ الْاَرْضِيْنَ ○

فرشتوں پر (درود بھیج) جو آسمانوں اور زمینوں میں رہنے والے ہیں

رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ○ بِرَحْمَتِكَ يَا

اللہ تعالیٰ کی ان سب پر خوشنودی ہے۔ تیری رحمت سے اے

اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ○ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

سب سے زیادہ رحم فرمانے والے اور ساری تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے۔

حِزْب كَرْخِي رحمة الله عليه

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ يَا لَطِيْفُ اَدْرِكْنِيْ بِلُطْفِكَ الْخَفِيِّ ○ اَنَا مُحْتَاجٌ

اے اللہ! اے لطف والے! مجھے تیرے پوشیدہ لطف سے نواز دے، میں محتاج ہوں

ذَلِيْلٌ ○ وَ اَنْتَ الْقَوِيُّ الْغَنِيُّ اَللّٰهُمَّ يَا سَرِيْعَ

ذلیل ہوں، اور تو قوی ہے، غنی ہے؛ اے اللہ! اے جلد

الْحِسَابِ ○ يَا شَدِيْدَ الْعِقَابِ ○ يَا غَفُوْرُ

حساب لینے والے، اے شدید عذاب دینے والے، اے بخشنے والے

يَا رَحِيْمُ يَا خَالِقَ كُلِّ شَيْءٍ يَا فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ

اے رحم والے، اے ہر چیز کے پیدا کرنے والے؛ اے آسمانوں اور

وَ الْاَرْضِ ○ يَا خَالِقَ الْحَبِّ وَ النَّوٰى ○ يَا فَالِقَ

زمین کے پیدا کرنے والے، اے دانے اور تخم کو پیدا کرنے والے، اے صبحوں کو

الْاَصْبَاحِ ○ یَا وَلِیَّ الْحَسَنَاتِ یَا دَافِعَ السَّیِّئَاتِ

طلوع کرنے والے، اے نیکیوں کے مددگار، اے برائیوں کو دفع کرنے والے

یَا غَافِرَ الْخَطِیْئَاتِ ○ یَا سَاتِرَ الْعَوْرَاتِ یَا مَانِعَ

اے خطاؤں کو بخشنے والے، اے پوشیدگیوں کی پردہ پوشی کرنے والے، اے

الْبَلِیَّاتِ ○ یَا مُقِیْلَ الْعَثَرَاتِ ○ یَا مُحْیِیَ الْاَمْوَاتِ

بلاؤں کو روکنے والے، اے لغزشوں میں سہارا دینے والے، اے مُردوں کو زندہ کرنے والے

○ یَا مُنَوِّرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ اقْضِ حَاجَتِیْ فِیْ

اے زمین اور آسمانوں کو روشن کرنے والے! میری حاجت کو

